چوہدری نبی احمد باجوہ ایم اے

دلم خزینۂ رازِ دو عالم است ولے | بہ بے زبانیِ خویشم بہ گنجِ راز امیں
(غالبؔ)

ششِ جہاتِ غالبؔ

مرزا غالبؔ کے فارسی کلام کا ایک ہمہ جہتی انتخاب اور اُس کا

منظوم اردو ترجمہ

جسمیں غالبؔ کی ہر طرزِ ادا، ہر رنگِ بیان، ہر جدتِ فکر و
ہر ندرتِ خیال و جمال کو آشکار کرنے کے لئے مرزا کی فارسی شاعری کے
جہانِ شش جہات سے (۱) قطعات (۲) مثنویات (۳) غزلیات
(۴) رباعیات (۵) قصائد اور (۶) ترکیب بند کے شش گانہ ابواب و
طبقات یعنی جملہ اصنافِ سخن کے عمدہ اور چیدہ اقتباسات اردو ترجمے
کے ساتھ مصرع بہ مصرع، شعر بہ شعر اور نظم بہ نظم جلوہ گر ہیں۔

مؤلف و مترجم

چوہدری نبی احمد باجوہ ایم۔ اے

ناشر:-	آل پاکستان اسلامک ایجوکیشن کانگرس ۷۔ اے فرینڈز کالونی۔ ملتان روڈ۔ لاہور
تعداد:-	ایک ہزار
قیمت :-	
تاریخ اشاعت:	سنہ ۱۹۶۲ء

مطبوعہ

آفتاب عالم پریس لاہور

تقریظ

للہ الحمد کہ آں چیز کہ خاطر می خواست
آخر آمد ز پسِ پردۂ تقدیر پدید!

خدا کا شکر ہے کہ کتاب چھپ جانے کے بعد ایک ہفتے کے اندر اندر ملک کے مایۂ ناز ادیب و نقاد اور تبصرہ نگار جناب سیّد صفدر جعفری پروفیسر شعبۂ لسانیات ایچی سن کالج لاہور نے از رہ خلوص و محبت ایک خط بذریعہ ڈاک ارسال فرمایا ہے۔ جس کو احقر بصد فخر و مباہات اپنی کتاب پر "اوّلین تبصرے" کی حیثیت سے یہاں درج کر رہا ہے:

چند سال پیشتر پروفیسر صاحب موصوف ایک انعام یافتہ کتاب "دبستان غالب" پر پیش لفظ لکھ کر غالب شناسی اور نکتہ رسی کا ثبوت بہم پہنچا چکے ہیں۔

قبلہ محترم چودھری صاحب!

سلام مسنون!

آپ میرے بزرگ اور مہربان ہیں۔ زندگی کی دشوار راہوں میں آپ کی شفقت نے مجھے بڑا سہارا دیا ہے۔ چھوٹا منہ اور بڑی بات، جسارت کی معافی چاہتا ہوں۔

"ششش جہاتِ غالب" ایک بار از اوّل تا آخر پڑھ چکا ہوں۔ بار بار پڑھوں گا اور استفادہ کرتا رہوں گا۔ اس کارِ عظیم پر آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ؎

جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم
میں معتقدِ فتنۂ محشر نہ ہوا تھا!

آپ نے غالب کی فارسی شاعری کو اُردو شاعری کے قالب میں اس خوبی سے ڈھالا ہے کہ رُوح کی تابانیاں برقرار ہیں۔ آپ کے منظوم ترجمے میں غالبؔ کی فارسی شاعری کا طمطراق ہر جگہ موجود ہے۔ "ششش جہاتِ غالب" کے بعد غالبؔ کی فارسی شاعری کو سمجھنا، سمجھانا اور اس سے لطف اندوز ہونا یقینی ہو گیا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔

ناچیز کو دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔

آپ کا مخلص

صفدر جعفری

شعبہ اُردو۔ فارسی
ایچی سن کالج۔ لاہور

ترتیب مضامین

خزانہ رازِ دو عالم کا دل مرا ہے مگر!
میں بے زبانی سے اس گنجِ راز کا ہوں امیں

در پردہ شکایت ز تو داریم و بیاں ہیچ
زخمِ دلِ ما جملہ دہانست و زباں ہیچ!
ایکہ بجز از ہرچہ بود در تماشائیں ہیچ!
نیست غیر از سیمیا عالم بہ سودائش ہیچ!

محرم رازِ نہاں روزگارم کردہ اند تا بجرم گرش نہ نہد خلق خوارم کردہ اند

ردیف خ ۹۴تا۹۵

آغاز ردیف دال

(یہاں غالب کی چار ایسی غزلیں درج ہیں جو گزشتہ سو برس تک کلیات میں داخل نہیں ہو سکی تھیں۔ ان چاروں میں پہلی غزل غالب کی آخری غزل شمار ہوتی ہے اس کا مطلع یہ ہے:

عجب کہ مژدہ دہاں ز رخ بسوئے ما آرند
کدام مژدہ کہ آرند واز کجا آرند! ۹۶

مطلع غزل دوم: بمقصدے کہ مرآں را رہِ خدا گویند
بمو برو کہ اناں سو بیا بیا گویند ۹۹

مطلع غزل سوم — جو کلیات کی آخری غزل ہے (بلحاظ ردیف)

مطلع غزل چہارم ؎ ہم انا اللہ گوئے درختے را بگفتار آورد
ہم انا الحق گوئے مردے را بسر دار آورد ۱۰۰

حصّہ دوئم ۱۲تا۵۳

دیباچہ نثر غالب سے ماخوذ تین نظمیں ۱۲تا۱۷

قطعات غالب کی ۱۵ متفرق نظمیں ۱۸تا۳۵

ایک حسنِ طلب کا دلچسپ قصہ ۳۶

ترکیب بند:

غالب کا مشہور زنداں نامہ/حبسیہ/اسیریہ
جو گزشتہ سو برس سے کلیات غالب میں شامل نہیں ہو سکا تھا ۴۴تا۵۳

محرم رازِ نہاں دہر کرتے ہی مجھے   خوار کر ڈالا کہ خلقت بات میری مت سُنے

(حصۂ سوم)

مثنویات

ترتیبِ نو   حصۂ چہارم

تصحیح نامہ

نمبر صفحہ		غلط	صحیح
۲۳	مصرعہ ۳	"خرد نے سنکر"	خرد نے وعدہ سنکر
۲۷	" ۶	شبانہ	مئے شبانہ
۳۸	آخری شعر	گذاشتم	گذاشتیم
۵۷	مصرعہ ۳	شاید	شاہد
۵۸	" ۲	اززد	ارزد
۶۰	تیسرا شعر	بشمردن	نشمردن
"	"	بشنودن	نشنودن
"	چوتھا شعر	روابست	روانست
۶۱	تیسرا شعر	نہ ہو	نہ ہوا
۶۳	شعر ۴	شعار	شمار
۶۴	شعر ۲	لام	لالم

نمبر صفحہ		غلط	صحیح
۶۶	مصرعہ ۳	ز دو	ز درد
"	آخری شعر	من ربک	مَنْ رَبُّكَ
۶۷	آخری مصرعہ	پوچھو	پوچھ
۶۸	شعر ۲	شکایت درد غم دوا	شکایت درد و غم دوا
	شعر ۳	مصرعہ ثانی چھپنے سے رہ گیا ہے	کہ سر بہ زانوئے زاہد بہ بوریا خفتست
	شعر ۴	مصرعہ ثانی " " "	ز بخت من خبر آرید تا کجا خفتست
ص۷۰	مصرعہ ۴	در فقائے	در قفائے
	شعر ۴	آنچہ اوتیز دم	آنچہ از ما
۷۲	مصرعہ ۲	اندریں دیر کہن	اندروں دیر کہن
	شعر ۵ پہلا مصرعہ	نبیدم	نبیذم
ابتدائی ص ن	پہلا مصرعہ	از رہ	در رہ
ص۴	پہلا شعر پہلا مصرعہ	نوا	نبود

انتساب

یہ فیضانِ نظر میرے گرامی قدر استاذ مکرم رانا محمد حیات صاحب جویا
مدظلہ العالی (ہیڈ ماسٹر ریٹائرڈ ضلع لائلپور متوطن کوٹ شاکر ضلع جھنگ) کا ہے جن سے احقر کو
اردو اور فارسی کے ابتدائی اسباق کے ساتھ ادب کی چاشنی ملی ۔ اقبال و غالب کی عظمت
دل میں بیٹھی اور جن کی رہنمائی مجھے زندگی کے ہر قدم پر حاصل رہی ہے

اسی معلم ادب اور اسی پیکر کرم کے نام نامی سے احقر اس کتاب
کو منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے

(چودھری) **نبی احمد** (باجوہ) ایم اے
اسسٹنٹ سیکرٹری صوبائی اسمبلی لاہور، ریٹائرڈ
(سابق فوڈ کنٹرولر و کلیمز افسر لاہور
(سابق عارضی معلم فلسفہ دیال سنگھ کالج
(سابق معلم انگریزی ایم اے او کالج لاہور

گفتمش ذرہ بہ خورشید رسد گفت محال! گفتمش کوشش من در طلبش گفت بجاست!!

احوالِ واقعی

پروردگار عالم کا شکر ہے کہ غالب کے دو ہزار فارسی[1] اشعار کا اردو میں منظوم ترجمہ پیش خدمت کرنے کی توفیق اس بندہ ناچیز و ہیچ مدان کو ارزانی فرمائی گئی۔ تشکر و تبرک کے طور پر مولانا حالی مرحوم اور خلیفہ عبدالحکیم مرحوم کے گرامی قدر نام زبان پر لانے کی اجازت چاہتا ہوں جنہوں نے علی الترتیب اپنی بلند پایہ تصانیف "یادگار غالب" اور "افکار غالب" میں مرزا کے ۳۷۵ اور ۶۹۷ فارسی اشعار کا اردو ترجمہ نہایت عمدہ شرح کے ساتھ قلمبند فرما کر غالب شناسی اور غالب نمائی کی راہیں ہموار کیں۔ احقر نے ان سے بقدر ظرف استفادہ کیا ہے۔ مولانا غلام رسول مہر مرحوم، شیخ محمد اکرام مدظلہٗ کی بلند پایہ تصانیف سے بھی اخذ فیض کیا ہے مگر جن حضرات نے ذاتی طور پر زیر نظر تراجم کی تصحیح میں مدد فرمائی، ان میں سرفہرست نام آغا صادق پرنسپل گورنمنٹ کالج کوئٹہ حال امامیہ کالج ساہیوال کا ہے جنہوں نے آج سے گیارہ سال قبل کوئٹہ میں جب کہ بندہ وہاں ۵۹ء، ۱۹۶۰ء میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر تھا میرے تمام مسودہ ہائے تراجم جو ۵۰ سے ۱۹۶۰ء تک تیار تھے بغرض تصحیح دیکھنے کی تکلیف فرمائی اور کئی فنی اصول بتا کر میری ہمت افزائی کی میں تہ دل سے ان کا شکر گزار ہوں مگر افسوس ہے کہ گیارہ سال سے پھر ملاقات نہیں ہو سکی، بعد کے گیارہ سال میں تراجم کی مقدار دو چند ہو گئی جن میں سے ایک نظم کی نوک پلک پروفیسر مرزا محمد منور گورنمنٹ کالج لاہور نے درست کی تھی جن کا شکریہ ادا کرنے میں فرحت محسوس ہو رہی ہے۔

گاہے گاہے سید عابد علی عابد صاحب مرحوم کی خدمت میں "قصر قیصر" لاہور کینٹ میں جا کر حاضر ہوتا تو سید صاحب بڑی شفقت و محنت سے میرے تراجم کو پڑھ کر اپنے ہاتھ سے اصلاح دے دیا کرتے تھے۔ دل و جاں میں بس رہے ہیں حق تعالیٰ مغفرت کرے۔ بندہ پروفیسر عابدی کا بھی از حد شکر گزار ہے جنہوں نے یہ شعر سمجھانے کی زحمت فرمائی تھی[2]۔ مولانا صلاح الدین مرحوم ایڈیٹر "ادبی دنیا" کو خدا کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے جنہوں نے اپنی عمر کے آخری شمارہ "ادبی دنیا" میں مرزا غالب کی چار فارسی غزلیں میرے تراجم کے ساتھ ایک ہی صفحہ میں شعر بہ شعر اور مصرع بہ مصرع شائع کر کے مجھ پر احسان عظیم کیا تھا۔ ان کی اس کرم بخشی کی بدولت ہی سید عابد علی عابد صاحب سے بندہ کا تعارف ہوا جنہوں نے ایک دفعہ مجلس ترقی ادب لاہور کے دفتر میں ان تراجم کی یہ کہہ کر بے حد تعریف کی کہ جس دن یہ ترجمہ چھپا میں اس کے بعد ساری رات اس کوشش میں جاگتا رہا کہ ترجمہ کے کسی شعر سے بہتر شعر کہہ سکوں مگر میں نے اپنی کوشش کے مقابلے میں اس ترجمہ کو ہی بہتر پایا۔ میں نے اٹھ کر پاؤں پکڑ لیے اور کہا کہ وہ ترجمہ بندہ نے ہی کیا ہے کیونکہ اس

[1] جن میں غالب کے تمام اصناف سخن کے نمونے شامل ہیں مثلاً قطعات، مثنویات، قصائد، غزلیات، رباعیات اور ترکیب بند وغیرہ۔

[2] بمقصدے کہ مراں ذرہ خدا گوید   برو برو کہ ازاں سو بیا بیا گوید

وقت تک وہ مجھ سے قطعاً ناواقف تھے پھر فرمایا کہ خدا کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا۔ آپ نے بہت محنت کی ہے جو خدائے سخن کے کلام کا ترجمہ کر پائے ہو۔

اس سے مجھ میں خود اعتمادی کا جذبہ ابھر آیا مگر میں نے اب بھی پاس ادب سے مرزا کا کلام مسلسل الگ صفحات پر شائع کیا ہے اور اپنے اردو منظوم تراجم الگ صفحات پر درج کیے ہیں۔

پروفیسر حمید احمد خاں صاحب صد ستائش کے قابل ہیں کہ ان کا ایک گیارہ سال پرانا مکتوب گرامی ان اوراق کو زینت بخش رہا ہے جس کے ساتھ ساتھ جناب مالک رام صاحب کا دہلی سے آمدہ مکتوب بھی وجہ فخر و زینت ہے۔

اب مجھے اپنے دونوں مربی اور محسن بھائی صاحبان چودھری خورشید احمد مرحوم و چودھری سلطان احمد مدظلہ العالی کے اسمائے گرامی سے ان اوراق کو مزین کرنا ہے جن کی بدولت مجھے گورنمنٹ کالج لاہور میں ۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۲ء تک پورے چھ سال سکونِ خاطر کے ساتھ (جب کہ دنیا بھر میں پہلی جنگِ عظیم کے نتیجے میں اقتصادی بدحالی کا دور دورہ تھا) بین الاقوامی شہرت کے اساتذہ کرام سے عالمی شہرت کے طلباء کی صحبت میں تحصیل علم کا موقع ملا۔ اور ایم۔ اے (فلسفہ بشمول نفسیات) کی ڈگری حاصل کی۔ علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مرحوم اس سال ہمارے پرچہ مابعد الطبیعیات کے بیرونی ممتحن تھے اور مجھے فخر ہے کہ انہوں نے احقر کو سیکنڈ کلاس[1] ایم۔ اے ڈگری کا مستحق گردانا) ان دنوں کالج سٹاف میں شہرۂ آفاق پروفیسر انگریزی سید احمد شاہ بخاری نے بی اے تک ہمیں انگریزی پڑھائی۔ پرنسپل کرنل ایچ۔ ایل۔ اوگیرٹ، پروفیسر سیتارام کوہلی اور پروفیسر امولک رام کھنہ ہمیں تاریخ پڑھاتے تھے۔ عربی میں بی۔ اے تک میرے معلم جناب ڈاکٹر صدر الدین ڈی لٹ (جرمنی) تھے۔ قاضی محمد اسلم، ملک احمد حسین اور جی سی چیٹرجی نے مجھے سال اول سے سال ششم تک فلسفہ پڑھایا۔ یہ تینوں پروفیسر ایک سے ایک بڑھ کر شفیق، خلیق اور علیم تھے۔ وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ اردو کے استاد الحاج مولوی کریم بخش مرحوم تھے۔

ممتاز طلباء میں ان دنوں مندرجہ ذیل درخشاں ستارے اپنی ضوفشانیوں سے کالج کو منور کر رہے تھے۔ ۱۔ حافظ عبدالمجید صاحب کا نام لیاقت و قابلیت میں سرفہرست تھا (جو زمانہ مابعد میں ہمارے چیف سیکرٹری ہوئے اور عالمی اداروں میں جلیل القدر عہدوں پر پہنچے) موصوف کالج میں مجھ سے بہت سینئر ہونے کے باوجود مجھ پر اتنے مہربان تھے کہ جب داغ پر بہترین مضمون لکھنے پر مجھے اول انعام ن۔ م۔ راشد کے ساتھ مشترکہ ملا تو حافظ صاحب بہ نفسِ نفیس چل کر میرے کمرے میں رونق افروز ہوئے اور مضمون مذکور پڑھ کر خوشی کا اظہار فرماتے ہوئے یہ پیشین گوئی کی کہ جب آپ مصنف بنیں گے تو ہم کہیں گے کہ کالج میں بھی ہم ان کے مضامین

[1] یہ راز پچیس سال بعد اتفاقاً میرے علم میں آیا۔

پڑھا کرتے تھے۔

۲۔ کالج کی سیاست میں ان دنوں سید فدا حسن شاہ صاحب چھائے ہوتے تھے۔ ایک طرف وہ کرکٹ کے کپتان تھے تو دوسری طرف کالج یونین کے بھی صدر رہے۔ نیز ایک نہایت ہی ارفع مجلس اکابر کے پریذیڈنٹ تھے۔ بندہ ان کی انتظامیہ کمیٹی کا ممبر تھا اور اکابرین میں شمولیت کا شرف مجلس مذکور کی متفقہ رائے سے ملا۔ انتخاب کی اطلاع شاہ صاحب نے بوساطت اے کے ملک[1] ارسال فرما کر مجھے ممنون فرمایا۔

۳ سید کرامت حسین جعفری (پرنسپل، ایم اے فلسفہ میں میرے ہم سبق تھے اور کرنل شیخ محمد اسلم مرحوم پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور بھی اسی کلاس میں میرے ہم درس تھے۔

۴ شیخ محمد اکرام صاحب مصنف غالب نامہ وغیرہ اور خواجہ عبدالرحیم صاحب مجھے سکالرشپ ہولڈر کی حیثیت سے اور نیو ہوسٹل میں مقیم ہونے کے باعث اچھی طرح جانتے تھے۔ اسی طرح ایچ ایم صوفی اور اے کے ملک بھی مہربان تھے چودھری محمد رفیع کلاس فیلو بھی تھے اور بہترین دوست بھی۔

۵ سال اول سے سال ششم تک جو حضرات میرے کلاس فیلو رہے ان کے نام یہ ہیں۔ این اے رضوی، ڈائرکٹر جنرل انٹیلی جنس پاکستان۔ راولپنڈی) چودھری محمد شفیع ظفر ریٹائرڈ۔ ایڈیشنل کمشنر لاہور، میاں محمد شفیع مرحوم (ڈی، سی لاہور) میاں سلطان محمود ہوتیانہ (سابق ایم ایل اے اور پارلیمنٹری سیکرٹری) شیخ محمد عمر پروفیسر زرعی یونیورسٹی لائل پور۔ خان عبدالمجید صاحب ایبٹ آبادی (ڈائرکٹر تعلیم پشاور)

۶ مندرجہ ذیل ہم جماعت حضرات نے ۱۹۳۲ میں میرے ساتھ ایم اے فلسفہ پاس کیا۔ شیخ آفتاب احمد صاحب (پی سی ایس۔ ریٹائرڈ) کرنل فخر الدین (سپرنٹنڈنٹ جیل ریٹائرڈ) جناب بشیر احمد ڈار حال ڈائرکٹر اقبال اکیڈمی پاکستان کراچی، چودھری عبدالقادر (پروفیسر فلسفہ پنجاب یونیورسٹی) علاوہ ازیں پروفیسر حمید احمد خاں اور سید فیاض محمود بھی ان دنوں انگلش (ایم اے) کر رہے تھے اور احقر کے کرم فرماؤں میں تھے چودھری جلال الدین اکبر جو ابھی (ان صاحب دیوان تھے (نقش ارژنگ) چودھری محمد جلال ایڈووکیٹ لائل پور، شیخ محمد اقبال (پی سی ایس)، حافظ عبدالمجید صاحب (سابق چیف سیکرٹری) اور ملک خدا بخش[2] بچہ (سابق وزیر) اور اکثر دیگر سینئر طلباء سے فرسٹ ایئر کلاس میں ہی تعارف نصیب ہوا تھا جو بفضل خدا آج تک قائم ہے خصوصاً جناب اکبر صاحب کا احقر شکر گزار بھی ہے کہ انہوں نے میرے بعض تراجم کی تصحیح و تحسین فرمائی

[1] جناب عبداللہ خالد ملک سی، ایس، پی [2] حال خصوصی معاون صدر پاکستان

ک

۷ ایف اے میں ہی بندہ کو سالانہ اردو انعامی مباحثے میں اوّل انعام ملا تھا جبکہ میرے کلاس فیلو نیز اس وقت کے دوست پیر احسن الدین کو انگریزی تقریری مقابلے میں اوّل انعام ملا تھا چونکہ سر شہاب الدین مرحوم سپیکر صوبائی اسمبلی اس جلسے کے صدر تھے اس وجہ سے چودھری صاحب کا تعارف عمر بھر کے لیے حاصل ہو گیا۔ اسی کی بدولت انہوں نے راقم کو ۱۹۳۷ء میں دفتر اسمبلی میں مترجم مقرر کیا۔ جہاں سے ۱۹۶۷ء میں بندہ اسسٹنٹ سیکرٹری کے عہدے سے ریٹائر ہوا۔ اس تیس سالہ عرصہ ملازمت میں راقم وقتاً فوقتاً ڈیپوٹیشن پر ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر اور کلیم افسر کے عہدوں پر چند سال تک کام کرتا رہا۔

۸ جن ایام میں انگلستان سے پروفیسر سید احمد شاہ بخاری صاحب واپس گورنمنٹ کالج آئے تو آپ نے آتے ہی شرف تعارف و تلمذ بخشنے سے بھی پہلے سیکرٹری بزم سخن کے عہدے کے لیے بندہ کو نامزد فرما کر از حد نوازش فرمائی۔ طلباء نے جب یہ خبر مجھے بتائی تو میں متحیر بھی ہوا اور متشکر بھی لیکن جب قرب نصیب ہوا تو بخاری صاحب نے اپنی ایک جدید بنا کردہ اُردو مجلس کا پہلا سیکرٹری بھی احقر کو مقرر کر دیا۔ ساتھ ہی پہلا مقالہ پڑھنے کا حکم بھی مجھ کو ہی دیا اور موضوع بھی خود ہی تجویز فرمایا "غالب" - نیز اشارتاً حکم دیا کہ "ذرا محنت کر لینا۔" عثمانیہ یونیورسٹی کے پروفیسر خلیفہ عبدالحکیم صاحب حیدر آباد دکن سے صدارت فرمانے آئیں گے اور سالکؒ و تاجؔ بھی مہمان خصوصی ہوں گے بعد کے جلسوں میں فیض احمد فیضؔ نے "گوئٹے" پر، آغا عبدالحمید صاحب نے "پریم چند" پر اور چودھری شیر محمد حمید صاحب نے اقبال کے "مرد مومن" پر مقالات پڑھے۔

۹ جب بخاری صاحب آخری مرتبہ امریکہ سے "اکرٹونائٹڈ نیشنز" کے ایک عہدہ جلیلہ پر واپس تشریف لے جا رہے تھے تو بندہ ان کو الوداع کہنے لاہور ایئر پورٹ پر گیا بخاری صاحب اس وقت جناب سید امتیاز علی تاجؔ مرحوم، صوفی غلام مصطفیٰ تبسمؔ اور فیض احمد فیضؔ صاحب کے حلقے میں کھڑے تھے۔ ربع صدی بعد مجھے دیکھتے ہی پہچان لیا اور حلقہ تثلیث توڑ کر نہایت شفقت سے مجھے ملے اور پوچھا "نبی احمد! وہ جو تمہارے دماغ میں کبھی ادب کا کیڑا تھا اس کا کیا حال ہے؟" عرض کیا "جناب! میں آج کل غالب کے فارسی کلام کا اردو میں منظوم ترجمہ کر رہا ہوں" یہ سن کر متبسم ہوئے .... ہائے آج ان کو کون بتائے کہ آپ کے بعد بھی آپ کا شاگرد آپ کے حکم کی تعمیل میں کوشاں رہا اور آج آپ کے عہد کو پورا کر رہا ہے۔

ع زچشم آستیں بردار و گوہر را تماشا کن

چودھری نبی احمد (باجوہ)

ٹ کون بتائے کا جواب بزبان غیب مندرجہ ذیل ملاحظہ فرمائیے :-

"پروفیسر احمد شاہ بخاری کے احباب مجھ سے خاص گرم جوشی کے ساتھ ملے کیونکہ میرا تعارف "بخاری کے ایک پرانے طالب علم کی

ط مولانا عبدالمجید سالک مرحوم کے ذریعے علامہ اقبال (مرحوم) کے در دولت پر بارگاہ حاضری دینے کا شرف بھی حاصل ہوا۔

حیثیت سے کرایا گیا تھا۔ نیویارک تک پہنچ کر بخاری صاحب سے نہ مل سکنا مجھے بہت گراں گزر رہا تھا۔ چنانچہ اتوار کو جب میں آغا اشرف کے گاؤں گیا [نیویارک سے کوئی ۲۲ میل باہر یہاں اشرف اپنے ذاتی مکان میں رہتے تھے] تو میں نے ان کی بیگم اور بچوں سے عرض کی کہ آغا اشرف سب مجھے بخاری صاحب کی قبر پر لے جائیں۔ معلوم ہوا کہ بخاری صاحب کے مدفن کو قبر کا نام دینا محض تکلف ہے نیویارک کے مضافات میں کینیکو کا قبرستان ایک سرسبز پہاڑی پہ واقع ہے۔ یہاں سینکڑوں قبروں کے درمیان گھاس کے ایک وسیع تختے کے نیچے جو بے نام و نشان ہے۔ بخاری صاحب کسی نہ کسی تودۂ خاک میں ملفوف ہیں۔ قبرستان کے امریکی دارو غہ نے گھاس کے پھیلتے ہوئے رقبے میں سے ایک خاص نقطے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا! "[illegible]" اب میرے لیے اس کے سوا چارہ نہ تھا کہ گھاس کی ان نامعروف پتیوں کو پروفیسر احمد شاہ بخاری کا آخری پیراہن تسلیم کروں۔ شام کا دھندلکا رات کی تاریکی میں غائب ہونے کو تھا۔ میں نے فاتحہ کیلئے ہاتھ اٹھائے اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی"...... (حمید احمد خاں)

اوپر کی عبارت تائیدِ غیبی سے "آغا محمد اشرف کا خط" کے زیرِ عنوان "ادبی دنیا" کے اسی شمارے میں شائع ہوئی تھی جس میں میرا ترجمۂ غالب شائع ہوا تھا میں اس قدرتی اتفاق پر متحیر بھی ہوا اور متشکر بھی کہ پروفیسر حمید احمد خاں نے اپنے دلگداز الفاظ میں میرے جذبات کی بہترین ترجمانی کر دی تھی۔ استادِ گرامی سید احمد شاہ بخاری کی موت کے بعد بھی ملاقات کرنے کی حسرت۔ بے نام و نشان قبر کے ساتھ بخاری صاحب کا نام گویا میرا کام دیکھنے...... شاگرد کی ہمت بندھانے کے لیے ادبی دنیا کے صفحات پر یہی تو بکھیر رہا تھا۔

بقول غالب :۔ ہم از تصرفِ بیتابیٔ زلیخا بود   بہ چاہ یوسف اگر راہ کارواں افتاد!

نبی احمد

۱۲-جی ماڈل ٹاؤن لاہور-۱۴

۲۴-جولائی ۱۹۷۱ء

ڈاکٹر محمد باقر کا گرامی نامہ

قبلہ چوہدری صاحب، سلام مسنون

۱- غالب کے فارسی کلام کے اُردو ترجمہ کے آپ نے مجھے چند نمونے مرحمت فرمائے۔ میں نے اِن سے اِستفادہ کیا ہے اور بہت محظوظ ہوا ہوں۔ آپ نے بڑی کاوش اور محنت سے یہ نازک کام سرانجام دیا ہے۔ میں نے مطبوعہ غزلوں میں ایک آدھ ترمیم کرنے کی جسارت کی ہے۔ آپ کو اگر پسند ہو تو قبول فرمالیں۔ ورنہ رد کردیں۔

(۲- قبلہ ڈاکٹر صاحب کی تجویز کردہ چاروں ترامیم جو آپ نے ایک مطبوعہ غزل میں کی تھیں بصد تشکر قبول کر کے شش جہاتِ غالب کے حصۂ غزلیات کی جلد دوم میں زیرِ طبع ہیں اور اِس امر کا اعتراف متعلقہ غزل کے فُٹ نوٹ میں بھی کر دیا گیا ہے مگر خاص طور پر یہاں بھی ایک شعر اس ترمیم شدہ صورت میں درج ذیل ہے:-

؎ رموزِ دیں کو نہ سمجھا اگر تو ہوں معذور — کہ دِل مرا عجمی ہے مگر ہے دِیں عربی) (مترجم)

۳- میری آرزو تھی کہ میں آپ کے اِس کام میں بیشتر شرکت کرتا اور اپنی بساط کے مطابق کچھ اور خدمت بھی کرتا لیکن اِس وقت کچھ اِس قسم کا عالم ہے ؎ کہ دامنِ خیالِ یار چھوٹا جائے ہے مجھ سے

میں نے شفاہاً مختصر طور پر اِس طرف اشارہ کیا تھا۔ اگر اللہ جل شانہ نے توفیق دی تو دُوسرے ایڈیشن میں یہ کام کر سکوں گا۔ اِنشاء اللہ

۴- آپ کا مسودہ اور کاپیاں ارسال خدمت ہیں۔ والسلام

محمد باقر

گُزارشِ مُؤلّف!

(ا)

شش جہاتِ عالمِ امکاں، جہانِ کُن فکاں
جس سے روشن ہیں وُہ ہے قندیلِ افکارِ بلند

ہے فروغِ مہر و مہ سے بھی فزوں نُورِ خرد
یہ وہاں پہنچے جو ہے حدِّ ادب سُورج پہ بند

ظُلمتِ شب میں بھی روشن اَور غار و چہ میں بھی
یہ منوّر سال بھر قطبین میں بھی ہوش مند

کان و معدن ہو یا قعرِ قُلزم و جوفِ خلا
ہے یہی شمس و قمر بہرِ بشر! اَے اَرجمند!

قِصّہ طُولانی ہے لیکن کر رہا ہُوں مختصر
دیکھیے افلاک پر رنگیں کرن اِک نقشبند

اَنفُس و آفاق کے اسرار جس میں جلوہ گر
مخزنِ افلاک پر یہ ڈال دی کس نے کمند

حضرتِ اقبالؔ جس کی مدح میں رطب اللّسان
زینتِ جاوید[1] نامہ جس کے اشعار[2] بلند

---

[1] علامہ اقبالؒ کی عظیم کتاب "جاوید نامہ" جس میں اُنھوں نے دُنیا بھر کے مُمتاز مشاہیر مذہبی، سیاسی اَور علمی پر ایک حکیمانہ نظر ڈالی ہے (بقیّہ حاشیہ زیریں صفحہ آئندہ)

"لطفِ گویائی میں جس کی ہمسری ممکن نہیں" | فکرِ انساں جس کی ہستی سے ہُوا اقبال مند
یہ وُہی ہے غالبِ اسرار دانِ کائنات | ہند میں وُہ گلستانِ فارسی کا خلبند

مِلّتِ اِسلامیانِ ہند پر نوحہ کناں
"کہنہ نخلِ تازہ از صرصر فتادہ" کی زباں

---

۲ (حاشیہ بقیہ صفحہ اوّل) صفحہ ۱۳۶ "جاوید نامہ" سے

"بیا کہ قاعدہٗ آسماں بگردانیم | قضا بگردشِ رطل گراں بگردانیم
اگر بکلیم شود ہمزباں سخن نکنیم | وگر خلیل شود مہماں بگردانیم
زحیدریم من و تو ز ما عجب نبود | گر آفتاب سوئے خاوراں بگردانیم
(۱۴۵) قمری کفِ خاکستر و بلبل قفسِ رنگ | اے نالہ نشانِ جگرِ سوختہ چیست"

(صفحہ نمبر ۱۴۶)

"ہر کجا ہنگامۂ عالم بود | رحمۃً للعالمینے ہم بود"

۱ غالبؔ کا فارسی شعر یُوں ہے :-

کہنہ نخلِ تازہ از صرصر ز پا اُفتادہ ام | خاکم، رکاوی ہنوزم ریشہ در گلزار ہست

ترجمہ:- میں وُہ نخلِ کہنہ ہُوں جس کو حال ہی میں بادِ صرصر کے جھونکوں نے اُکھاڑ پھینکا ہے۔ لیکن اگر آپ زمین کھود کر دیکھیں تو میری جڑ ابھی اس گلزار میں موجُود ہے۔ گویا سلطنتِ مُغلیہ کے زوال کی مثال غالبؔ نے اپنی زبانِ حال سے بیان فرمائی ہے۔

(۲)

شش جہاتِ فنِ غالب ہیں یہ شش اصنافِ شعر — مثنوی[1] ۔ قطعہ[2] ۔ قصیدہ[3] و غزل[4] ترکیب بند[5]

ہیں رُباعی[6] ڈال کر چھ پُورے اصنافِ سخن — جن پہ ہے کلیاتِ غالب مشتمل اے ارجمند

شش جہاتِ معنیٔ غالب ہے مضمر اِن میں ہی — ہے طلسمِ معنی اِن میں موجزن اَور نقشبند

کیف[1] و کم میں درجۂ اوّل قصائد کو مِلا — دُوسرے درجے پہ غالب کی غزل ہے بہرہ مند

شعرِ غالب میں ہے درجے تیسرے پر مثنوی — دے چکے ہیں قولِ فیصل ناقدانِ ہوش مند

ناقدِ اوّل تھا حالیؔ گوہرِ سنجِ سعید — آخری نقّاد حضرت مہر[2] والا و بلند

ہے مگر مقبول تر اصناف غالب میں غزل — اَور پھر مشہور تر قطعات کے اشعار چند

ماخوذ از غزل

"شہرتِ شعرم بگیتی بعدِ من خواہد شدن — مے کہن تر ہو تو ہو مرغوب تر اے ہوش مند"

ماخوذ از قطعہ

"فارسی بیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ — بگذر از اشعارِ اُردو[3] کیناں بے رنگِ منند"

---

[1] کیف سے مُراد محاسنِ شعری اَور کم سے مُراد مقدار و تعدادِ اشعار ہے مطلب یہ ہے کہ غالب کی فارسی شاعری میں محاسنِ شعری کے لحاظ سے بھی اَور ضخامت و تعدادِ اشعار کے لحاظ سے بھی قصائد درجۂ اوّل پر آتے ہیں۔

[2] مولانا غلام رسول مہر مرحوم کو آخری نقّاد اُن کی حالیہ وفات کے باعث کہا۔ ورنہ کئی بڑے بڑے نقّاد بفضلِ خدا اب بھی موجود ہیں۔ [3] شعرِ غالب کے الفاظ میں تغیّر و تبدّل کے لیے معذرت خواہ ہوں محض ضرورتِ شعری کی خاطر اِس غلطی کا ارتکاب ہو گیا۔

مثنوی میں "حرفِ آخر" "ابرِ گوہر بار" ہے
بہترین[1] نظمِ غالبؔ ہے مگر ترکیب بند

یعنی وُہ حبسیۂ غالبؔ، وُہ زِنداں نامہ حیف
جس میں غالب نے لکھا تھا حالِ زارِ قید و بند

مثل اس کی اَدبیاتِ عالمی میں بھی ہے کم
صاحبِ "غالب شناسی" کا ہے یہ قولِ بلند

غازۂ رُوئے ہُنر خود اُس کو غالبؔ نے کہا
اور کہا حالیؔ نے بھی عُمدہ ترین نقشبند

ہے قصائد میں قصیدہ آخری ہی بہترین
جس کی تکرارِ نغے خواہم میں پنہاں ہے پسند

نیز تعریفِ زمانہ کا قصیدہ بھی ہے نغز
آبلہ پائی کے گوہر کا بھی قصّہ ہے بلند

اِن ہی جیسے اَور بھی اعلےٰ قصیدے ہیں بہت
شرط پڑھنے کی ہے دائم نزدِ مردِ ہوش مند

---

[1] حالیؔ کے اصل الفاظ یادگارِ غالبؔ میں یہ ہیں :-
"غالبؔ کی عُمدہ ترین نظمِ حالیہ"

چشمِ گُہرم از رہِ غوّاص سفید است[1]   تا در طلبِ من کہ شگافد دلِ یم را (غالبؔ)

(ہے رہِ غوّاص میں چشمِ گُہر میری سفید   کون چیرے سینۂ دریا کو اُف میرے لیے)

(ترجمۂ غالب)

(۳)

مُؤلّف (بحضورِ غالبؔ)

زاں پیشتر کہ عُمرِ گرانمایہ بگذرد
بگذار تا قیامتِ رُوئے تو بنگریم   (حافظؔ)

غالبؔ

"اے دلِ ناعاقبت اندیش ضبطِ شوق کر
کون لا سکتا ہے تابِ جلوۂ رُخسارِ دوست"

مُؤلّف

ما بتُو مشغوُل و تُو با عُمرو زید
ہم نہیں جویا حسینوں کے ہیں ہم حُسن پسند

---

[1] قرآن میں حضرت یعقوبؑ کے بارے میں وارد ہے "وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ" اُس کی آنکھیں یوسفؑ کے غم میں سفید ہو گئیں۔

حُسن کاری تجھ کو ارزانی جو کی خلّاق نے
تو خلاقِ کا ہے محسن ہم ترے احسان مند

کر حجاباتِ دوئی کو دور دل سے تو ذرا
آتش حسنِ ازل تو جس میں احمدؔ ہے سپند

غالبؔ

چشمِ گہرم دررہِ غوّاص سفید است
تا در طلب من کہ نشگافند دلِ یم را

مؤلّف

کھول آنکھ کہ "فارتدّ بصیرا"[1] کا ہے منظر
غوّاص کا پیراہن یوسف سے ہے پیوند

---

[1] حضرت یوسفؑ کا پیراہن آنکھوں پر رکھنے سے جو حضرت یعقوبؑ کی آنکھیں روشن ہوگئی تھیں اِس کا ذکر قرآن میں یوں آیا ہے کہ "فارتدّ بصیرا۔" "پس وہ بینا ہوگیا۔"

غالبؔ

زحیدریم من و تو ز ما عجب بنوا
گر آفتاب سوئے خاوراں بگردانیم

مؤلّف

کھل گئی آنکھیں تو سینہ کھول کر راغب ہوئے
منکشف غالبؔ نے احمدؔ پر کیے اسرار چند

غالبؔ

ذوقیست ہمدمے بفغاں بگزرم ز رشک
خارِ رہت بہ پائے عزیزاں خلیدہ باد

ترجمہ

ہمدم فغاں میں کوئی ملے، رشک چھوڑ دوں
پاؤں میں غیر کے بھی چبھے خارِ رہ ترا

غالب کا فارسی کلام ——— اردو کے لباس میں

پیش لفظ

از مولانا صلاح الدین احمدؒ مرحوم ایڈیٹر ادبی دنیا

انیسویں صدی کے ربع آخر تک ہمارے اکابر شعراء اردو کے ساتھ فارسی میں بھی فکر سخن کیا کرتے تھے کہ فارسی کا سکہ کوچہ و بازار میں نہ سہی مملکت شعر و ادب اور اقلیم علم و عرفاں میں ابھی چلتا تھا اور بعض مطالب دقیق و نازک کے اظہار و بیان کے لئے فارسی ہی کا سہارا لیا جاتا تھا۔ چنانچہ خود خدائے سخن نے برملا ارشاد فرمایا تھا

فارسی بیں تا ببینی نقش ہائے رنگ رنگ

بگذر از مجموعہ اردو کہ بے رنگ من است

اور اس میں کیا شک ہے کہ غالب کا رنگ خصوصی فارسی ہی میں نکھرتا ہے اگرچہ اردو نظم و نثر میں بھی جو کچھ اس نے لکھا، اس کی مثال صدیوں تک نہ پیدا ہو سکے گی۔

غالب سے کم و بیش نصف صدی کے بعد اقبال نے بھی اپنے بعض افکار کے ابلاغ کے لئے اردو کی بجائے فارسی کو ذریعہ اظہار بنایا اور شاید بجا طور پر بنایا ــــ اگرچہ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ اردو کسی طرح ان افکار کے ابلاغ کا ذریعہ ہی نہ بن سکتی تھی۔ بات دراصل شاعر اور زبان کے انفرادی مزاج اور دونوں کی باہمی مفاہمت اور مطابقت کی ہے

اسے آگے بڑھانے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

اقبال کے بعد ہمارے ہاں فارسی شاعری قریب قریب ختم ہو گئی اگرچہ بعض اہل ذوق منہ کا مزا بدلنے کے لئے اب بھی کبھی کبھی اس میں شوق سخن اور فکر شعر فرماتے ہیں مگر سامعین و ناظرین سے اکثر و بیشتر محروم رہتے ہیں۔

ایسے میں اگر کوئی صاحب ہمت فارسی شاعری کے نوادر کو اردو کا لباس پہنا کر عام اہل ذوق کی ضیافت طبع کا سامان کرے اور اپنی اس کوشش میں جمال سخن اور توازن اظہار دونوں پر نگاہ رکھے اور اس لطف بیان کو ہاتھ سے نہ دے جس کو محض محسوس ہی کیا جا سکتا ہے بوسوم نہیں کیا جا سکتا تو وہ یقیناً ہماری توجہ خاص کا مستحق ہے۔ شعر فارسی کو اردو میں منتقل کرنے کی ہمارے ہاں متعدد کوششیں ہو چکی ہیں اور ان میں بعض خاصی کامیاب بھی رہی ہیں۔ راستہ نکالنے والے آگے بڑھ چکے ہیں، جابجا چراغ بھی رکھے جا چکے ہیں اور فارسی کی روح اردو کے قالب میں چنداں ناآسودگی محسوس نہیں کرتی اور اس لئے نہیں کرتی کہ دونوں کا مخزن الفاظ اور کلاسیکی روایات قریب قریب یکساں ہیں۔

جناب نبی احمد ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انھوں نے دونوں زبانوں کے آہنگ مشترک سے ایک نغمۂ نو تخلیق کیا ہے اور غالب کے سرود فارسی کو نیستان اردو کا مہمان بنا کر اہل ذوق کی ضیافت طبع کا سامان بہم پہنچایا ہے۔

آئندہ صفحات میں غالب کی بعض مشہور فارسی غزلیں اردو کے لباس میں جلوہ آرا ہیں اور آپ کے لئے شہد و شکر کے جام ہاتھوں میں لئے خراماں خراماں چلی آ رہی ہیں

([illegible])

پروفیسر حمید احمد خاں صاحب کا مکتوب گرامی

سول لائنز
۲۳ اگست ۱۹۵۹ء

برادرم چودھری صاحب!

السلام علیکم۔ آپ کا ۱۱ اگست کا عنایت نامہ ملا اور باعث مسرت ہوا۔ میں نے وحدت قومیت پاکستان والے مضمون پر کچھ محنت کی تھی۔ اس لیے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ نے اُسے دلچسپی کی نظر سے دیکھا۔

اس بہانے مجھے آپ کے بعض پر لطف تراجم دیکھنے کا موقع بھی مل گیا۔ بعض ترجمے نہایت برجستہ ہیں اصل کا لطف دے جاتے ہیں مثلاً

تن پروری خلق ریاضت سے بڑھی اور یا

تیری قدرت پہ ہے بس تیری ہی قدرت حاوی بہت خوب ہیں

اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

میں آج دو ہفتے کے ایک مختصر سے دورے پر ہندوستان جا رہا ہوں۔ دلی۔ علی گڑھ۔ بھوپال اور حیدر آباد دکن کے کتب خانوں کی زیارت کا قصد ہے۔ ستمبر کے دوسرے ہفتے میں انشاءاللہ واپس لاہور پہنچ جاؤنگا۔

امید ہے آپ بہمہ وجوہ خیریت سے ہوں گے

جناب مالک رام صاحب دہلی ۴۳۱۔ متھرا روڈ

۱۶ر جون سنہ ۱۹۶۶ء

کرمفرمائے من آداب

معافی چاہتا ہوں کہ آپ کے گرامی نامہ کا جواب اتنی تاخیر سے دے رہا ہوں مصروفیات کا یہ عالم ہے کہ بیشتر ضروری کام کرنے سے رہ جاتے ہیں۔ کچھ عمر کا تقاضا بھی ہے۔

یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ آپ نے غالب کے فارسی کلام کا معتدبہ حصہ اردو نظم میں منتقل کرلیا ہے۔ کام مشکل ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جب سیّد عابد علی صاحب مدظلہ اس کی تعریف فرمارہے ہیں تو یہ عمدہ بھی ہوگا۔ اگر آپ نمونہ کے طور پر کچھ بھیج سکیں تو میں بھی اس سے محظوظ ہوسکونگا۔

افسوس کہ "ادبی دنیا" میں جو غزلیں شائع ہوئی تھیں وہ میری نظر سے نہیں گذریں۔

میرا خیال تھا کہ اس کتاب کی اشاعت کے امکانات آپکے وہاں یہاں سے کہیں زیادہ ہیں آپ نے اس کے بالعکس لکھا ہے یہ پڑھ کر کچھ تعجب ہوا۔

والسلام والاکرام

خاکسار

مالک رام

غزلیات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے بخلا[1] و ملا خوئے تو ہنگامہ زا
با ہمہ در گفتگو[2]، بے ہمہ با ماجرا

شاہدِ حسنِ ترا، در روشِ دلبرے
طرۂ پُر خم صفات، موئے میانِ ماسوا

دیدہ وراں را کند دیدِ تو بینش فزوں
از نگہِ تیز رو گشتہ نگہ توتیا

آب ز بخشش برد رونقِ سکندر بدر
جاں نہ پذیری بہیچ نقدِ خضر ناروا

بزمِ ترا شمع و گل خستگئ بوتراب
سازِ ترا زیر و بم واقعۂ کربلا

نکتبیانِ ترا قافلہ بے آب و ناں
نعمتیانِ ترا مائدہ بے اشتہا

گرمئ نبضِ کسی کز تو بدل داشت سوز
سوختہ در مغزِ خاک ریشۂ دار و گیا

معصیتِ زہر ستم دادہ بیادِ توام
سبز بود جائے من در دہنِ اژدہا

کم مشمر گریہ ام زاں کہ بتعلیمِ ازل
بودہ دریں جوئے آب گردشِ ہفت آسیا

سادہ ز علم و عمل مہرِ تو ورزیدہ ایم
مستئ ما پایدار بادۂ ما ناشتا

خلد بہ غالب سپار زانکہ بداں روضہ در
نیک بود عندلیب خاصہ نو آئیں نوا

---

[1] آج کل کے خلائی دور میں "خلا" "لفظ" اور معنا خصوصی توجہ کا طالب ہے۔

[2] خدا کی گفتگو سے مراد تبلیغی، ذہنی، روحانی، جبلی اور فطری رجحان نیز "کن فیکون" اور "اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ" مراد ہے کیونکہ غالب کا اشارہ "با ہمہ" ہر مخلوق اور ہر روح ہے لازماً اس خدائی گفتگو کا استفسار ہے۔ ہو جا پس ہو جاتا ہے - کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے کہ خلا و ملا میں ہے تو ہنگامہ زا
با ہمہ تو ہم سخن، بے ہمہ با ماجرا!

یوں ہے تو جلوہ فروز دلبری کی شان میں
گیسو ہیں گویا صفات اور کمر ما سوا

دیکھنے والوں کو دید تیری بصارت فروز
ایک نگہ تیز رو خود ہے سرمہ آنکھ کا

زور سے ہے کون آب، خون سکندر، رو،
لے نہ تو جاں رفتہ بھی؛ تشنۂ خضر نا روا

بزم کی زینت تری خستگیٔ بوتراب
ساز کا ہے زیر و بم واقعۂ کربلا

غم زدوں کا ہے ترے قافلہ بے آب و ناں
نعمتیوں کو ترے عائد ہے بے اشتہا

سوزِ غم سے جو ترے نبض ہے آتش بجاں
وہ جلائے زیر خاک ریشۂ دار و گیا

عشق میں تیرے ہوں میں مصرف زہر ستم
سبز ہے میرا نشاں در دہان اژدہا

کم نہیں گریہ مرا، کیونکہ بعلم ازل
بھی اسی گرداب میں گردش ہفت آسیا

علم و عمل سے تہی، دل میں ہے الفت تری
مستی اپنی پایدار بن پیے مے دما

خلد تو غالب کو بخش تاکہ ہو اس باغ میں
خوب ایک عندلیب، طرفہ نرالی نوا

---

۱ خلوت و جلوت ۲ رونق افزا، ہنگامہ پرور ۳ سب کے ساتھ ۴ تنہا ۵ حوادث ۶ عالم ۷ دسترخوان
۸ بھوک ۹ جڑ ۱۰ علاج معالجے میں کام آنیوالے پودے ۱۱ ظلم و ستم کے زہر کے قابل ۱۲ سانپ کے منہ میں ۱۳ سات آسمان

عیش و غم در دل نمی استد خوشا آزادگی!
بادہ و خون بہ یکسانست در غربال ما
ما ہمائے گرم پروازیم فیض از ما مجوی!
سایہ ہمچوں دود بالا میرود از بال ما
خضر در سرچشمۂ حیواں فرو غلطید نش
لغزشِ پائیست کش رو دادہ در دنبال ما

آشنایانہ کشد خارِ رہت دامنِ ما!
گوی ایں بود ازیں پیش بہ پیراہنِ ما
بی تو چوں بادہ کہ در شیشہ ہم از شیشہ جداست
نبود آمیزشِ جاں، در تنِ ما با تنِ ما
سایہ و چشمہ بصحرا دم عیشی دارد!
اگر اندیشۂ منزل نشود رہزنِ ما
سخنِ ما زلطافت نہ پذیرد تحریر
نشود گرد نمایاں ز رمِ توسنِ ما

ما نبودیم بدیں مرتبہ راضی غالبؔ
شعر خود خواہش آں کرد کہ گردد فنِ ما

غالب کا فارسی کلام ــــــــــ اردو کے لباس میں

پیش لفظ

از مولانا صلاح الدّین احمدؒ مرحوم ایڈیٹر ادبی دنیا

انیسویں صدی کے ربع آخر تک ہمارے اکابر شعرا اردو کے ساتھ فارسی میں بھی فکر سخن کیا کرتے تھے کہ فارسی کا سکہ کوچہ و بازار میں نہ سہی مملکت شعر و ادب اور اقلیم علم و عرفاں میں ابھی چلتا تھا اور بعض مطالب دقیق و نازک کے اظہار و بیان کے لئے فارسی ہی کا سہارا لیا جاتا تھا۔ چنانچہ خود خدائے سخن نے برملا ارشاد فرمایا تھا

فارسی بیں تا ببینی نقش ہائے رنگ رنگ

بگذر از مجموعۂ اردو کہ بے رنگ من است

اور اس میں کیا شک ہے کہ غالب کا رنگ خصوصی فارسی ہی میں نکھرتا ہے اگرچہ اردو نظم و نثر میں بھی جو کچھ اس نے لکھا، اس کی مثال صدیوں تک نہ پیدا ہو سکے گی۔

غالب سے کم و بیش نصف صدی کے بعد اقبال نے بھی اپنے بعض افکار کے ابلاغ کے لئے اردو کی بجائے فارسی کو ذریعہ اظہار بنایا اور شاید بجا طور پر بنایا ـــــ اگرچہ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ اردو کسی طرح ان افکار کے ابلاغ کا ذریعہ ہی نہ بن سکتی تھی۔ بات دراصل شاعر اور زبان کے انفرادی مزاج اور دونوں کی باہمی مفاہمت اور مطابقت کی ہے

اسے آگے بڑھانے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

اقبال کے بعد ہمارے ہاں فارسی شاعری قریب قریب ختم ہوگئی اگرچہ بعض اہل ذوق منہ کا مزا بدلنے کے لئے اب بھی کبھی کبھی اس میں شوق سخن اور فکر شعر فرماتے ہیں مگر سامعین و ناظرین سے اکثر و بیشتر محروم رہتے ہیں۔

ایسے میں اگر کوئی صاحب ہمت فارسی شاعری کے نوادر کو اردو کا لباس پہنا کر عام اہل ذوق کی ضیافت طبع کا سامان کرے اور اپنی اس کوشش میں جمال سخن اور توازن اظہار دونوں پر نگاہ رکھے اور اس لطف بیان کو ہاتھ سے نہ دے جس کو محض محسوس ہی کیا جاسکتا ہے مرسوم نہیں کیا جاسکتا تو وہ یقیناً ہماری توجہ خاص کا مستحق ہے۔ شعر فارسی کو اردو میں منتقل کرنے کی ہمارے ہاں متعدد کوششیں ہو چکی ہیں اور ان میں بعض خاصی کامیاب بھی رہی ہیں۔ راستہ نکالنے والے آگے بڑھ چکے ہیں، جابجا چراغ بھی رکھے جا چکے ہیں اور فارسی کی روح اردو کے قالب میں چنداں ناآسودگی محسوس نہیں کرتی اور اس لئے نہیں کرتی کہ دونوں کا مخزن الفاظ اور کلاسیکی روایات قریب قریب یکساں ہیں۔

جناب نبی احمد ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انھوں نے دونوں زبانوں کے آہنگ مشترک سے ایک نسخۂ نو تخلیق کیا ہے اور غالب کے سرو فارسی کو گلستان اردو کا مہمان بنا کر اہل ذوق کی ضیافت طبع کا سامان بہم پہنچایا ہے۔

آئندہ صفحات میں غالب کی بعض مشہور فارسی غزلیں اردو کے لباس میں جلوہ آرا ہیں اور آپ کے لئے شہد و شکر کے جام ہاتھوں میں لئے خراماں خراماں چلی آرہی ہیں

(ص)

پروفیسر حمید احمد خاں صاحب کا مکتوبِ گرامی

سول لائنز
۲۳ اگست ۱۹۵۹ء

برادرم چودھری صاحب!

السلام علیکم۔ آپ کا ۱۱ اگست کا عنایت نامہ ملا اور باعث مسرت ہوا۔ میں نے وحدت قومیت پاکستان والے مضمون پر کچھ محنت کی تھی۔ اس لئے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ نے اُسے دلچسپی کی نظر سے دیکھا۔

اس بہانے مجھے آپ کے بعض پرلطف تراجم دیکھنے کا موقع بھی مل گیا۔ بعض ترجمے نہایت برجستہ ہیں اصل کا لطف دے جاتے ہیں مثلاً

تن پروریٔ خلق ریاضت سے بڑھی اور یا

تیری قدرت پہ ہے بس تیری ہی قدرت حاوی بہت خوب ہیں

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

میں آج دو ہفتے کے ایک مختصر سے دورے پر ہندوستان جا رہا ہوں۔ دلی۔ علی گڑھ۔ بھوپال اور حیدرآباد دکن کے کتب خانوں کی زیارت کا قصد ہے۔ ستمبر کے دوسرے ہفتے میں انشاءاللہ واپس لاہور پہنچ جاؤنگا۔

امید ہے آپ بہمہ وجوہ خیریت سے ہوں گے

جناب مالک رام صاحب دہلی ۴۳۱۔ متھرا روڈ

۱۶ر جون سنہ ۱۹۶۶ء

کرمفرمائے من   آداب

معافی چاہتا ہوں کہ آپ کے گرامی نامہ کا جواب اتنی تاخیر سے دے رہا ہوں مصروفیات کا یہ عالم ہے کہ بیشتر ضروری کام کرنے سے رہ جاتے ہیں۔ کچھ عمر کا تقاضا بھی ہے۔

یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ آپ نے غالب کے فارسی کلام کا معتدبہ حصہ اردو نظم میں منتقل کر لیا ہے۔ کام مشکل ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جب سید عابد علی صاحب مدظلہ اس کی تعریف فرما رہے ہیں تو یہ عمدہ بھی ہوگا۔ اگر آپ نمونہ کے طور پر کچھ بھیج سکیں تو میں بھی اس سے محظوظ ہو سکونگا۔

افسوس کہ "ادبی دنیا" میں جو غزلیں شائع ہوئی تھیں وہ میری نظر سے نہیں گذریں۔

میرا خیال تھا کہ اس کتاب کی اشاعت کے امکانات آپکے وہاں یہاں سے کہیں زیادہ ہیں آپ نے اس کے بالعکس لکھا ہے یہ پڑھ کر کچھ تعجب ہوا۔

والسلام والاکرام

خاکسار

مالک رام

غزلیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ای بخلا و ملا خوی تو ہنگامہ زا[1] / با ہمہ در گفتگو[2]، بی ہمہ با ماجرا

شاہدِ حسن ترا، در روشِ دلبری / طرّۂ پرخم صفات، موی میاں ما سوا

دیدہ وراں را کند دیدِ تو بینش فزوں / از نگہِ تیز رو گشتہ نگہ توتیا

آب ز بخششی بزور خونِ سکندر بدر / جاں نپذیری بہیچ نقدِ خضر ناروا

بزمِ ترا شمع و گل خستگیِ بوتراب / سازِ ترا زیر و بم واقعۂ کربلا!

نکتبیانِ ترا قافلہ بی آب و ناں / نعمتیانِ ترا مائدہ بی اشتہا

گرمیِ نبضِ کسی کز تو بدل داشت سوز / سوختہ در مغزِ خاک ریشۂ دار و گیا

مصرفِ زہرِ ستم دادہ بیادِ توام / سبز بود جائے من در دہنِ اژدہا

کم مشمر گریہ ام زاں کہ بعلمِ ازل / بودہ دریں جوی آب گردشِ ہفت آسیا

سادہ ز علم و عمل مہرِ تو ورزیدہ ایم / مستیِ ما پایدار بادۂ ما ناشتا

خلد بہ غالب سپار زانکہ بداں روضہ در / نیک بود عندلیب خاصہ نوآئیں نوا

---

[1] آج کل کے خلائی دور میں "خلا" "ملا" اور ہنگامہ خصوصی توجہ کا طالب نکتہ ہے۔

[2] خدا کی گفتگو سے ہر تعلیمی، ذہنی، روحانی، جبلی اور فطری رجحان نیز "کن فیکون" اور "اَلَستُ بِرَبِّکُم" مراد ہے کیونکہ غالب کا اشارہ "با ہمہ" ہر مخلوق اور ہر رو بہ ارتقا اس خدائی گفتگو کا متقاضی ہے۔

جو تھا بس ہو چکا ہے۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے کہ خلا و ملا میں ہے تو ہنگامہ زا
با ہمہ تو ہم سخن، بے ہمہ با ماجرا

یوں ہے تو جلوہ فروز دلبری کی شان میں
گیسو میں گویا صفات اور کمر ماسوا

دیکھنے والوں کو دید تیری بصارت فروز
ایک نگہ تیز رو خود ہے سرمہ نگہ کا

زور سے لے کون آب، خونِ سکندر روا
لے نہ تو جاں مفت بھی، نقد خضر ناروا

بزم کی زینت تری خستگی بوتراب
ساز کا ہے زیر و بم واقعۂ کربلا

غمزدوں کا ہے ترے فاقہ بے آب و نان
نعمتیوں کو ترے مائدہ ہے اشتہا

سوزِ غم سے جو ترے نبض ہے آتش بجاں
وہ جلائے زیرِ خاک ریشۂ دار و گیا

عشق میں تیرے ہوں میں مصرفِ زہرِ ستم
سبز ہے میرا نشاں در دہانِ اژدہا

کم نہیں گریہ مرا، کیونکہ بعلمِ ازل
تھی اسی گرداب میں گردشِ ہفت آسیا

علم و عمل سے تہی، دل میں ہے الفت تری
مستی اپی پائدار بن پیے مے دائما

خلد تو غالب کو بخش تا کہ ہو اس باغ میں
خوب ایک عندلیب، طرفہ نرالی نوا

---

۱ خلوت و جلوت ۲ رونق افزا۔ ہنگامہ پرور ۳ سب کے ساتھ ۴ تنہا ۵ حوادث عالم ۶ دسترخوان ۷ بھوک ۸ جڑ ۹ علاج معالجے میں کام آنے والے پودے ۱۰ ظلم و ستم کے زہر کے قابل ۱۱ سانپ کے منہ میں ۱۲ سات آسمان

عیش و غم در دل نمی استد خوشا آزادگی!
بادہ و خونابہ یکسانست در غربال ما
ما ہمائے گرم پروازیم فیض از ما مجوی!
سایہ ہمچوں دود بالا میرود از بال ما
خضر در سرچشمۂ حیواں فرو غلطید نش
لغزش پائیست کش رو دادہ در دنبال ما

آشنایانہ کشد خارِ رہت دامن ما!
گوی ایں بود ازیں پیش بہ پیراہن ما
بی تو چوں بادہ کہ در شیشہ ہم از شیشہ جداست
نبود آمیزشِ جاں، در تنِ ما با تنِ ما
سایہ و چشمہ بصحرا دم عیشی دارد!
اگر اندیشۂ منزل نشود رہزنِ ما
سخنِ ما ز لطافت نہ پذیرد تحریر:
نشود گرد نمایاں ز رم توسنِ ما
ما نبودیم بدیں مرتبہ راضی غالب
شعر خود خواہش آں کرد کہ گردد فنِ ما

عیش و غم ٹھہریں نہ دل میں اے خوشا آزادگی
بادہ یا خونابہ اس چھلنی میں ہے بس ایک سا
ہم ہما ہیں گرمِ پرواز! ہم سے پائے فیض کون
سایہ اپنا ہم سے اُوپر ہے دُھوآں سا اُڑ رہا
خضر کیسے چشمۂ حیواں میں غوطہ زن ہوا
جب تعاقب میں ہمارے دوڑا ٹھوکر کھا گیا

خارِ رہ کھینچتا ہے یوں ترا دامن اپنا
جیسے پہچانے کوئی سابقہ مسکن اپنا
شیشے میں مے ہو الگ شیشے سے یونہی تجھ بن
جان سے اپنی نہیں ملتا ہے یہ تن اپنا
سایہ و چشمہ سے راحت تو ملے صحرا میں
فکرِ منزل نہ ہو گر آپ ہی رہزن اپنا
وہ لطافت ہے سخن میں کہ نہ تحریر میں آئے
گرد اٹھتی نہیں جیتا ہے جو توسن اپنا
ہم کہاں راضی تھے اس مرتبہ پر اے غالب
خود بخود شعر نے چاہا کہ بنے فن اپنا

زمن گرت نبود باور انتظار، بیا
بہانہ جوی مباش و ستیزہ کار بیا
بیک دو شیوہ ستم، دل نمی شود خرسند
بمرگِ من! کہ بسامانِ روزگار بیا
بہانہ جوست در الزامِ مدعی، شوقت
یکے برغمِ دلِ ناامیدوار بیا
ہلاکِ شیوۂ تمکیں مخواہ مستان را
عناں گسستہ تر از بادِ نوبہار بیا
ز ما گسستی و با دیگراں گرو بستے
بیا کہ عہدِ وفا نیست استوار بیا
وداع و وصل جداگانہ لذتے دارد:
ہزار بار برو، صد ہزار بار بیا
تو طفلِ سادہ دل و ہمنشیں بدآموز ست
جنازہ گر نتواں دید بر مزار بیا

فریب خوردۂ نازم چہا نمی خواہم
یکے بپرسشِ جانِ امیدوار بیا
زخوئے تست نہادِ شکیب نازک تر
بیا کہ دست و دلم میرود ز کار بیا
رواجِ صومعہ ہستی ست زینہار مرو
متاعِ میکدہ مستیست ہوشیار بیا
حصارِ عافیتے گر ہوس کنی غالب
چو ما بحلقۂ رندانِ خاکسار بیا

نہیں جو مانتے تم میرا انتظار، آؤ
بہانہ جو، نہ بنو! ہاں ستیزہ کار آؤ

ستم کی اک دو ادا سے نہیں یہ دل خورسند
بلا ہو، موت ہو، آشوبِ روزگار آؤ

تمہارے شوق کو الزامِ مدعی کا ہے عذر
کبھی برغمِ دلِ نا امیدوار آؤ

ہلاکِ شیوۂ تمکیں نہ کیجیے مستوں کو
عناں گسستہ مرے ابرِ نوبہار آؤ

جو ہم سے کٹ کے بندھا غیر سے تو عہدِ نیا
جہاں میں عہدِ وفا کب ہے استوار آؤ

جدا جدا ہے وداع اور وصل کی لذت
ہزار بار اگر جاؤ، لاکھ بار آؤ!

ہو تم تو سادہ مگر ہمنشیں ہے بد آموز
جنازہ مل نہ سکے گا سرِ مزار آؤ

فریب خوردہ ہوں میں ناز کا اسے چھوڑو
برائے پرسشِ جانِ امیدوار آؤ

تمہاری خو سے سرشتِ شکیب نازک ہے
چلا میں، صبر کا دامن ہے تار تار آؤ

رواجِ صومعہ ہستی ہے، مت اُدھر جاؤ
متاعِ میکدہ مستی ہے ہوشیار آؤ

حصارِ امن کی خواہش ہے گر تمہیں غالب
اِدھر ہے حلقۂ رندانِ خاکسار آؤ

چوں بہ قاصد بسپرم پیغام را
رشک نگذارد کہ گویم، نام را

گشتہ در تاریکیٔ روزم نہاں
کو چراغی، تا بجویم شام را

آں میَم باید کہ چوں ریزم بجام
زورِ مے در گردش آرد جام را

بے گناهم پیرِ دیر از من مرنج
من بمستی بستہ ام احرام را

از دلِ تست آنچہ بر من می رود
می شناسم سختیٔ ایّام را،

زحمتِ عام است دائم خاص را
عشق خاص ست بردم عام را

بسکہ ایمانم بغیب است استوار
از دہانِ دوست خواہم کام را

ماکجا اوکو؟ چہ سودا در سرست
ذرہ ہائے آفتاب آشام را

دِلستاں در خشم غالبؔ بوسہ جوئے
شوق نشناسد ہمے ہنگام را

نذرِ قاصد جب کروں پیغام کو
رشک سے لاؤں نہ لب پر نام کو

میرے دن کی ظلمتوں میں گُم ہوئی
گر دیا ہو ڈھونڈ لوں میں شام کو

ایسی مے ہو جب میں ڈالوں جام میں
جوش سے گردش میں لائے جام کو

بے خطا ہوں گر معاف لے پیرِ دَیر
باندھا مستی ہی میں تھا احرام کو

مجھ پہ جو گزری وہ تھی تیری رضا
جانتا ہوں ، سختیٔ ایّام کو

عام اور دائم ہے زحمت خاص کو
عشرتیں ہیں خاص ہر دم عام کو

غیب پر ایمان پختہ ہے مرا
خود "دہن" سے ان کے چاہوں کام کو

ہم کہاں وہ کون ؟ یہ سُوجھی ہے کیا
ذرّہ ہائے آفتاب آشام کو

در ہجر طرب بیش کند تاب و تبم را
مہتاب کفِ مار سیاہست شبم را

آوخ کہ چمن جستم و گردوں عوضِ گل
در دامنِ من ریختہ پائے طلبم را

ساز و قدح و نغمہ و صہبا ہمہ آتش
یابی ز سمندر رہِ بزمِ طربم را

از لذتِ بیدادِ تو فارغ نتواں زیست
دریاب عیارِ گلہٴ بے سببم را

در من ہوسِ بادہ طبیعست کہ غالب
پیمانہ بہ جمشید رساند نسبم را

افسوس چمن ڈھونڈنے نکلا ہیں، فلک نے
دامن میں مرے پھینک دیا پائے طلب کو

ہیں ساز و قدح نغمہ و صہبا سبھی آتش
پاؤ گے سپند سے مری بزم طرب کو

بے لذّتِ بیداد ہوا جینا بھی مشکل
پہچان مرے شکوۂ بے کیف و سبب کو

مجھ میں ہوس بادہ ہے طبعی جو ملائے
جمشید سے پیمانہ مرے حسب و نسب کو

شکستِ رنگ تا رسوا نسازد بیقراراں را
جگر خونست از بیم نگاہبت راز داراں را

زپیکانہائے ناوک، در دل گرمم نشاں نبود
برنگستاں چہ جوئی قطرہ ہائے آب باراں را

بود پیوستہ پشت صبر بر کوہ از گرانجانی
چہ افسوں خواندۂ در گوش دل امیدواراں را

کفِ خاکیم از ما بر نخیزد جز غبار آنجا
فزوں از صرصر نبود قیامت خاکساراں را

بہ ترکِ جادہ گو تا گردش ایام برخسپ ہم زد
سر گلگشت ناب دائم در نظر دارد بہاراں را

در آ بجو و بازی گاہِ الحسن تا بینی
بروئے شعلہ گرم مشق جولاں نی سواراں را

نگشت از سجدۂ حق جبہہ زہا و نوائی
چناں کافروخت روئے بادہ تاب بادہ خواراں را

دریغ آگاہیے کافسردگی گردد سرد برگشش
زمستی بہرہ جز غفلت نباشد ہوشیاراں را

زغیرت مے گدازد در خجالت گاہ تاثیرم
زبوں دیدن بدست شیشہ سازاں کوہساراں را

برنجم غالب از ذوق سخن خوش بودے ار بودے
مرا لختی شکیب و پارۂ انصاف یاراں را

شکستِ رنگ رسوا کر نہ دے ان بیقراروں کو
نگاہوں سے تری یہ ڈر ہے غم کے رازداروں کو
نہیں دل میں نشانِ زخمِ ناوک تک کوئی باقی
کہ ریگستان کرتا جذب ہے بارش کے دھاروں کو

ہوئی ہے پختہ پشتِ صبر مثلِ کوہسار اُن کی
کیا مسحور کیسے تو نے ان امیدواروں کو
ہیں مشتِ خاک ہم جز گرد کیا نکلے گا کل ہم سے
نہ صرصر سے فزوں ہوگی قیامت خاکساروں کو
تو ترکِ جاہ کر، یہ گردشِ ایّام پھر جائے
جو ہے بے اُگ دیکھے وہ سدا تازہ بہاروں کو
تو بے خود ہو کے بازی گاہِ اہلِ حسن میں آجا!
کہ دیکھے پیشِ شعلہ گرم رقص ان نغمہ کاروں کو
دریغ! آگاہی سے افسردگی نکلی جو بالآخر
بجز غفلت نہ ہستی سے ملے کچھ ہوشیاروں کو
نہ جھکی سجدۂ حق سے کبھی زاہد کی پیشانی
مگر روشن جبیں کرتا ہے بادہ خواروں کو
تری تاثیرِ غیرت سے پگھل کر ہو گئی غائب
زبوں دیکھا جو پیشِ شیشہ بازاں کوہساروں کو
مرا ذوقِ سخن بھی غم اگر ہوتا تو لازم تھا،
مجھے قدرے شکیب اور ذرّہ بھر انصاف یاروں کو

مدام محرم صہبا بود پیالۂ ما
بگردِ مہر تنیدست خطِ ہالۂ ما

زبسکہ گرمئ خوبیت نفس گرامایہ
گدازِ نازِ ما آبیارِ نالۂ ما

چمن طرازِ جنونیم و دشت و کوہ از ماست
بہ مہرِ داغِ شقائق بود قبالۂ ما

بدل، ز جورِ تو، دندان فشردہ ایم و خوشیم
ز استخوان اثری نیست در نوالۂ ما

تو زود مستی و ما رازدارِ خوئے توایم
شراب درکش و پیمانہ کن حوالۂ ما

درازئ شبِ ہجران ز حد گذشت، بیا
فدائے روئے تو عمرِ ہزار سالۂ ما

ہمیں گداختن ست آبروئے ما غالب
گہر چہ ناز فروشد بہ پیشِ ژالۂ ما

ازنست اگر ساختہ پرداختۂ ما
کفرے بنود مطلبِ بے ساختۂ ما

پروردۂ نازیم برحمتکدۂ عجز
برپائے تو باشد سرِ افراختۂ ما

حیرانئ ما آئینہ شہرتِ یارست
شد جادہ بکویش نفسِ باختۂ ما

ہمیشہ محرمِ مے رہتا ہے پیالہ مرا
ہے زیبِ گردنِ خورشید خطِ ہالہ مرا

ہے تیری گرمیِ خو سے نفس گرا نمایہ
گدازِ نالہ ہی ہے آبیارِ نالہ مرا

میں باغبانِ جنوں، کوہ و دشت ہیں میرے
ہے مُہرِ داغ مصفّا سے پرُ قبالہ مرا

تمہارے ظلم سے دانتوں کو دل میں گاڑ لیا
کب استخواں کا اثر رکھتا ہے نوالہ مرا

درازیِ شبِ ہجراں بڑھی ہے حد سے تو آ
نثار تیرے پہ عہدِ ہزار سالہ مرا

جنوں نے صحرا کو تشکیلِ گلستاں دی ہے
سوادِ دیدۂ آہو ہے داغِ لالہ مرا

ہے آبرو بھی اپنی، یہ اپنا سوز و گداز
خجل مگر بھی ہو دیکھے جو اشکِ ژالہ مرا

ہے تجھ سے اگر ساختہ پرداختہ اپنا
پھر کفر ہے کب مطلب بیساختہ اپنا

رحمتکدۂ عجز ہیں نازوں سے پلے ہم
ہے پاؤں پہ تیرے سرِ افراختہ اپنا

آئینۂ شہرت تجھے حیرانی ہماری
رہبر ترے گھر کا نفسِ باختہ اپنا

رازِ خوبیت از بد آموزِ تو می جوئیم ما
از تو می گوئیم گر با غیر می گوئیم ما

حشرِ مشتاقاں ہماں بر صورتِ مژگاں بود
مرز خاکِ خویشتن چوں سبزہ می روئیم ما

رازِ عاشق از شکستِ رنگ رسوا می شود
با وجودِ سختِ جانیہا تنک روئیم ما

زیں بہار آئیں نگاہاں بو کہ بپذیر دیکے
عمرہا شد رُخ بخونِ دیدہ می شوئیم ما

آفتابِ عالمِ سرگشتگی ہائی خودیم
می رسد بوئے تو از ہر گل کہ می بوئیم ما

تا چہ مجموعۂ لطفِ بہاراں بودہ
تا بزانو سودہ پای ما و می پوئیم ما

زحمتِ احباب نتواں داد غالب بیش ازیں
ہر چہ می گوئیم بہرِ خویش می گوئیم ما

راز تیری خو کا بد آموز سے پاتے ہیں ہم
تجھ سے ہی کہنے ہیں جو کچھ غیر سے کہتے ہیں ہم

صورتِ مژگاں ہی ہوگا تیرے مشتاقوں کا حشر
خاک سے خود اپنی مثلِ سبزہ اگ اٹھتے ہیں ہم

رازِ عاشق ہوتا ہے رسوا شکستِ رنگ سے
سخت جانی پر بھی اتنے نرم رُو ہوتے ہیں ہم

اِن بہار آئیں نگاہوں کی قبولیت کہاں
عمر گزری خونِ دیدہ سے ہی منہ دھوتے ہیں ہم

ہم ہیں اپنے عالمِ سرگشتگی کے آفتاب
تیری خوشبو دیتا ہے ہر پھول جو چھوتے ہیں ہم

کس قدر مجموعۂ لطفِ بہاراں تم ہوئے
پاؤں خستہ زانو تک، پھر بھی بڑھے جاتے ہیں ہم

دوستوں کو ہو نہ زحمت بیشتر اس سے کہیں
جو بھی کہتے ہیں وہ اپنے واسطے کہتے ہیں ہم

بادهٔ مشکبوئی ما بید و کنار کشت ما
کوثر و سلسبیل ما، طوبیٰ ما بہشت ما

بسکہ غم تو بوده است تعبیہ در سرشت ما
نسخهٔ فتنہ می برد، چرخ ز سرنوشت ما

حسرت وصل از چہ رو چوں بخیال سرخوشیم
ابر اگر بایستد، بر لب جوست کشت ما

نورِ خرد در آگہی خواہشِ تن پدید کرد
صرف زقومِ دوزخست نامیہ در بہشت ما

ایں ہمہ از عتاب تو ایمنیٔ عدو چراست
اے بہ بدی و ناخوشی خوئے تو سرنوشت ما

بیخطر از خودی برآ، لب بہ انا الصنم کشا،
شیوهٔ گبر و دار نیست در کنشِ کنشت ما

بادہ اگر بود حرام، بذلہ خلافِ شرع نیست
دل نہی بخوب ما، طعنہ مزن بزشت ما

گفت بحکم حسرتی غالب خستہ ایں غزل!
شاد بہیچ می شود طبعِ وفا سرشت ما

اپنی شراب اپنی شاخِ بید اور کنارِ کشت
ہم کو ہیں کوثر و سلسبیل، ہم کو ہیں طُوبیٰ و بہشت

تیرا یہ سوزِ غم ہمیں، ہو چکا رونقِ طبع!
نسخہ ہے فتنۂ چرخ گویا یہ اپنی سرگزشت

حسرتِ وصل ہو تو کیوں ہم ہیں خیال ہی سے خوش
ابر اُٹھے تو غم نہیں، بر لبِ جُو ہے اپنی کشت

تیرے عتاب سے عدُو اپنا بچے تو کس طرح
ناخوشی اور بدی میں خُو تیری ہے اپنی سرنوشت

چھوڑ خودی کو بیخطر، منہ سے انا الصنم پکار
شیوۂ گیر و دارِ شرع یاں نہیں یہ تو ہے کنشت

بادہ حرام ہی سہی، بذلہ نہیں خلافِ شرع
جب نہیں آفریں خوب چھوڑ یہ طعنہ ہائے زشت

دل تابِ ضبطِ نالہ ندارد جدائیُ را
از ما جنونِ گریۂ بے ہائے ہائے را
آید بچشم روشنیٔ ذرّہ آفتاب
بر ہر زمیں کہ طرح کنی نقشِ پائے را
مشتاقِ عرضِ جلوۂ خویش ست حسنِ دوست
از قرب مژدہ دِہ نگہِ نارسائے را
آشفتگی بر اوجِ فنا بال می زند
اے شعلہ داغ گرد نگہدار جائے را
واماندگیست پے سپرِ وادیٔ خیال
شوقِ تو جادہ کرد رگِ خوابِ پائے را
سر منزلِ رسائیٔ اندیشۂ خودیم
در ما گم ست جلوۂ بے رہنمائے را
از پیچ و تابِ آز ستوہند سرکشاں
انگشتِ زینہار شمر ہر لوائے را
حسنِ بتاں ، ز جلوۂ نازِ تو ، رنگ داشت
بیخود ، بہ بوئے بادہ کشیدیم لائے را
غالب بریدم از ہمہ خواہم کہ زیں سپس
کنجے گزینم و بپرستم خدائے را

کہتا ہے ضبطِ نالہ کی اس نارسا کو تو
مت مانگ مجھ سے گریۂ بے ہاؤ ہا کو تو

ہر ذرّے کی چمک سے وہاں رشکِ آفتاب
جس جس جگہ پہ ثبت کرے نقشِ پا کو تو

مشتاق اپنے جلوے کا تھے خود ہی حسنِ دوست
دے مژدہ قرب کا نگہِ نارسا کو تو

آخر فنا کو ملتے ہیں بال و پرِ بقا
اے شعلہ داغ بن کے پہنچ جا بقا کو تو

واماندگی بھی خود ہے رسائی کی اک سبیل
جادہ سمجھ لے اپنی رگِ خفتہ پا کو تو

سر منزلِ رسائیِ اندیشہ ہم ہیں آپ
گم خود میں کرے جلوۂ بے راہنما کو تو

ہیں پیچ و تاب آز سے سرکش تمام تک
انگشتِ زینہار سمجھ ہر ہوا کو تو !

حسنِ بتاں میں ناز کا تیرے ہی رنگ ہے
خود بوئے مے سے پائے اب مینا کی لا کو تو !

ہم جب کبھی دانہ ڈالیں ہما کیلئے تو مور[1]
لے جائے آ کے دانہ، رہے خالی اپنا دام

کہتے ہو حالِ دل جو سنے گا تو ہو گا رزم
مشکل کہ پیشِ دوست لیا جائے اپنا نام

ہم سے ہیں پیام ہے، ہم سے ہیں سلام
کیوں بارِ دل کسی کو ہو یہ پیام یہ سلام

مقصود اپنا دہر سے ہے نیستی ہی جب
یارب مبادا دوست کوئی آئے اپنے کام

غالب بقولِ حضرتِ حافظ بہ فیضِ عشق
"ثبت اپنا اس جریدۂ عالم پہ ہے دوام"

[1] چیونٹی

کلیاتِ غالبؔ کی پہلی نظم

——غالبؔ کے دیباچۂ نثر سے ماخوذ——

اس نظم میں مرزا غالبؔ کے مندرجہ ذیل تین نکات خصوصی توجہ کے لائق ہیں :۔

(۱) غم بھی ایک نعمتِ خداوندی ہے جو دل میں یوں ہے جیسے بدن میں جان۔

(۲) خود نمائی بظاہر ایک بشری کمزوری ہے مگر اس کی تہ میں ایک اساسِ محکم اور پختہ بنیاد پوشیدہ ہے یعنی عنایاتِ خداوندی جو ہر بشر کو ودیعت ہوئی ہیں۔ ان باطنی قابلیتوں، صلاحیتوں اور قوتوں کو ظاہر ہونے کا بڑا شوق ہوتا ہے۔ اس لئے انسان طبعاً اُن کے اظہار پر مائل ہو جاتا ہے۔

(۳) لہٰذا غالبؔ "خود نمائی" کو "خدا شناسی" کا درجہ دیتا ہے۔ اپنے دیباچے میں غالبؔ اس نکتے کو یوں واضح کرتا ہے "یہ ایک جال ہے جو اپنی نمائش کے پردے میں مشاطۂ حقیقی کا ستائش نگار ہے اور یہ ایک ایسا نہال ہے جو اپنی برومندی کے سائے میں نخلبندِ ازل کا سپاس گذار ہے" ؎

حُسن و خوبی کی جو نمائش ہے ———— درحقیقت تری ستائش ہے (احقر)

اس نظم کی اولیت کلیات کے صفحات تولین کی ہی مرہون منت نہیں بلکہ معنوی حیثیت سے بھی یہ نظم حمد باری تعالےٰ پر مشتمل ہونے کی وجہ سے اس شرف کی مستحق ہے ورنہ کلیات کے حصۂ نظم کی پہلی نظم تو خود غالبؔ کے اپنے نام سے شروع ہوتی ہے

؏ غالبؔ از خاکِ پاک تورانیم

اور ساری کی ساری مدحِ خود اور تعریفِ آباو اجداد پر مشتمل ہے۔ لہٰذا اس کو عام اسلامی روایت کے مطابق فاتحۃ الکتاب کا درجہ نہیں دیا جا سکتا ہر چند کہ غالبؔ کی خودی بہت بلند تھی اور ایک لحاظ سے وہ خودی کے اظہار کو بھی حمدِ خدا کی ایک صورت سمجھتا ہے اور ممکن ہے کہ اس نے جان بوجھ کر ہی پہلی نظم کا آغاز اپنے نام سے کیا ہو مگر دیباچۂ نثر کا ایک ایک لفظ حمدِ خدا اور تعریفِ خلاق کے جواہرات سے منقود ہے اور پھر اُس نثر میں جب پہلی نظم صراحتاً حمد پر مشتمل ہے تو کیوں نہ اُسی کو کلیاتِ غالبؔ کی پہلی نظم قرار دیا جائے یعنی مکاناً اور معناً بھی پہلے شعر کے مصرعِ اوّل میں الٰہی کی جان بخشی اور آشکار نوازی کی تعریف ہے۔ دوسرے مصرع

میں دو ظاہری اور دو باطنی نعمتوں کا نام لیکر خدا کا شکر کیا ہے یعنی جسم اور جان، دل اور غم اس نظم کا آخری شعر ملاحظہ ہو: ؎

ناتوانی قوی اساسیہاست
خود نمائی خدا شناسیہاست

ترجمہ:-

ناتوانی قوی اساسی ہے ٭ خود نمائی خدا شناسی ہے

اب قارئین آئندہ صفحے پر اس نظم سے خود لطف اندوز ہوں۔ ہم اس تمہید کو ختم کر کے صرف اتنا عرض کر دینا چاہتے ہیں کہ اس نظم کے بعد دوسری اور تیسری نظم بھی غالب کے دیباچہ نثر سے ماخوذ ہے۔ ازاں بعد کلیاتِ غالب کا حصۂ نظم شروع ہو جاتا ہے قطعات، مثنویات، قصائد، غزلیات، رباعیات اور ترکیب بند وغیرہ

غالبؔ کا ایک اور شعر بھی اس نکتے کو واضح کرتا ہے :-

؎

ودیعت بودہ است اندر نہادِ عجز ما نازے
جدا از قطرہ نتواں کرد طوفاں دستگاہی را

ترجمہ:-

ودیعت عاجزی کے ساتھ ہم کو ناز بھی اک ہے
جدا قطرے سے سیرت اس کی طوفانی کریں کیونکر؟

ششں جہاتِ غالب کو چہار جلدوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس کی تین جلدیں چھپ کر تیار ہو چکی ہیں اور چوتھی جلد زیرِ کتابت ہے انشاء اللہ وہ بھی عنقریب ہی شائقین حضرات کی خدمت میں پیش کر دی جائے گی اب آپ جلد از جلد بذریعہ وی پی یا خود تشریف لا کر خرید فرمائیں یہ جلدیں الگ الگ اور یکجا بھی دستیاب ہو سکتی ہیں۔

مثنوی

اے نہاں بخش، آشکار نواز دل بنغمہ تن بجاں گرامی ساز
شررے کز تو در دلِ سنگ ست بر رخِ گل جلوۂ رنگ ست
اے فلک ہا حباب قلزمِ تو دے زمیں لائے بادۂ خُمِ تو
بودنی بخش خوب و زشت توئی رونق کعبہ و کنشت توئی
اے گزیں نقشہا کشیدۂ تو ہرچہ و ہر کہ آفریدۂ تو
دیدہ، اجوئے خوں کشادہ تست نالہ را بال برق دادہ تست
اے مرا فسرِ خسروی دادہ پارسی را بہ من نوی دادہ
ہم بہ سلسلہ معجزتی زدہ ام کز تو در مدحِ خویشتن زدہ ام

تا توانی قوی اساسہاست
خود نمائی خدا شناسیہاست

قطعہ

نہ چنانم کہ بر عقیدۂ خویش از فسونِ کسے ہراس کنم
نہ توانم کہ از نصیحت و وعظ عالمی را خدا شناس کنم
نہ کہ اخبار باستانے را دیو افسانہا قیاس کنم
نہ کہ ز آثار ہرچہ مشہور است اثرِ تازہ اقتباس کنم

ترجمہ منظوم

مثنوی

اے نہاں اور عیاں کرم تیرا — دل کو غم[1] تن کو جاں کرم تیرا
ہے شرر تجھ سے جو درونِ سنگ — وہ رُخِ لعل میں ہے جلوۂ رنگ
تیرے قلزم میں ہیں فلک بھی حباب — اور زمیں گویا دُردِ جامِ شراب
اے کہ خلاقِ خوب و زشت ہے تو — رونقِ کعبہ و کنشت[2] ہے تو
سر جبیں نقش ہے کشیدہ ترا — جو بھی ہے وہ ہے آفریدہ ترا
آنکھ میں جوئے خوں رواں تجھ سے — آہ میں بجلیاں تپاں تجھ سے
مجھ کو بخشی ہے شانِ سلطانی — مجھ پہ نازاں ہے فارسی دانی
یہ بھی تسلیمِ عجز[3] ہے میرا — تجھ سے جو مدحِ خویشتن میں کہا

ناتوانی قوی اساسی ہے
خود نمائی خدا شناسی ہے

غالب کا ایک معیاری کردار

نہ میں ناقص کہ اپنے ایماں پر — جادوئے غیر سے ہراس کروں!
نہ میں کامل کہ وعظ و پند کے ساتھ — ایک عالم کو حق شناس کروں!
نہ میں تاریخ کے حقائق کو — دیو افسانہ پہ قیاس کروں!
نہ میں ہر یادگارِ ماضی سے — اثرِ تازہ اقتباس کروں!

---

[1] غم کو ایک نعمت قرار دے کر شکریہ ادا کیا جا رہا ہے یعنی جس طرح جسم میں جان ایک نعمت ہے اسی طرح غم دل کے لئے ایک نعمت ہے ورنہ غم کے بغیر دل بیکار رہیگا۔ [2] بت خانہ۔ مندر [3] خداداد لیاقت، طاقت اور ہنر کا انکار کرنا، جو صلاحیتوں کو

نه که از بهرِ حلّه‌ہائے بهشت — ترکِ آرائشِ لباس کنم
نه که در عالمِ فراخ روی — عار از ژندهٔ پلاس کنم
چوں نه من ساقیم نه محتسبم — نه بریزم نه مے بکاس کنم
نه بواجب ز سعیِ درمانم — نه بهرِ مدّعا مکاس کنم
بر مدارا اگر مدار نہم — کاخِ الفت قوی اساس کنم
لیک ناید ز من که در گفتار — بدحتِ لاله سود داس کنم
فصلی از مدحِ خود توانم خواند — گر نه لب را ز لاف پاس کنم
خوشنوایم مرا رسد که ز رشک — زہر در جامِ بونواس کنم
می‌توان پنجه از لقا می بُرد — پارهٔ جمع گر حواس کنم
توسنِ طبعِ من بدان ارزد — زبال پری قطاس کنم
مزرعِ خویش را بگاهِ درو — ناخنِ حور صرفِ داس کنم
ہمچو سرو از غمِ خزاں برہد — گلبنی را که من مساس کنم
کوثر از موج واکند آغوش — اگر اندازِ ارتماس کنم
چه ازیں فرقهٔ ادانشناس — خویشتن را ہلاکِ یاس کنم
بدو بیتی ز گفتہای حزیں — صفحه را طرّہ ایاس کنم
لائقِ مدح در زمانه چو نیست — خویشتن را ہمی سپاس کنم

کس زبانِ مرا نمی فہمد!
بعزیزاں چه التماس کنم

نہ میں جنت کی خلعتوں کے لئے ترکِ آرائشِ لباس کروں!
نہ وسیع مشربی میں عار، کہ میں زیبِ تن جامۂ پلاس[1] کروں!
نہ میں ساقی نہ محتسب ہوں، میں مئے گراول نہ زیبِ کاس[2] کروں!
میں نہیں واجبات کا منکر پر نہ ہر مدعا کا پاس کروں!
گر مدارات پر مدارا کروں کاخِ الفت قوی اساس کروں!
لیک مجھ سے یہ ہو نہیں سکتا بدحیت لالہ سُوروا اس کروں!
اپنی تعریف کے فسانے لکھوں لاف سے گر نہ لب کا پاس کروں!
وہ سخنور ہوں میں کہ رشک سے تلخ زہر سا جامِ بونواس[3] کروں!
بازی لے جاؤں میں نظامی سے مجتمع کچھ اگر حواس کروں!
توسنِ طبع ہے بلند اتنا نے کے بال پری قطاس[4] کروں!
اپنی کھیتی کے کاٹنے کے لئے ناخنِ جوز صرفِ داس[5] کروں؛
سرو کی طرح وہ خزاں سے چھٹے شاخِ گل جس کو میں مساس[6] کروں!
موجِ کوثر بھی وا کرے آغوش گر میں اندازِ ارتماش[7] کروں!
گر نہیں وہ ادا شناس، نہ ہوں آپ کو کیوں ہلاکِ یاس کروں!
لکھ کے دو شعرِ انتخابِ حزیں[9] صفحہ کو طُرّۂ ایاس[8] کروں!
"لائقِ مدح ہے جہاں میں کون؟ کیوں نہ اپنا ہی میں سپاس کروں!

جب نہ سمجھے کوئی زباں میری
کیا عزیزوں سے التماس کروں"

---

۱ لباس ٹاٹ ۲ پیالہ، جام ۳ مشہور عربی شاعر ۴ تو بڑے گلے میں ڈالنے کا جو دانہ گھوڑے کی دُم کے بالوں سے بنتے ہیں۔
۵ درانتی ۶ مس کرنا، چھونا ۷ خود زنی ۸ ایاز ۹ مشہور شاعر علی حزیں۔

مدح امین الدّین احمد

بہ گیتی از وفادارے جہانے ‏— محبّت را زمین و آسمانے
بدارایان بدارائے نشانہ — بدانایان بدانائی فسانہ
بہ نیرو سرکشان را پنجہ برتاب — بدانش صاحبِ آثارِ فرتاب
نظر پروانۂ شمعِ جمالش — تماشا بلبلِ باغِ خیالش
نگاہش سالکِ در دل دویدن — دلش مجذوبِ بارِ دل کشیدن
دل و جانِ تمنّا جلوہ گاہش — ہجومِ آرزوہا گردِ راہش
خطش عنوانِ نگارِ خوب روئی — لبش فرہنگ دانِ بذلہ گوئی
بہمت دہر گلشن ساز ابرے — بسطوت سینہ روزن کن ہزبرے
نہادش را ز ادراک نشانہا — زبانش راز دانائے بیانہا
خیابانِ نکوئی را نہالے — بیابانِ شگرفے را غزالے

بدریائے محبت بے بہا دُر
امین الدّین احمد خاں بہادر

مدحِ امین الدین احمد

وفاداری کا گیتی میں جہاں تو — محبت کو زمین و آسماں تو

تو دارائی میں داراؤں کی عظمت — تو دانائی میں داناؤں کی حیرت

وہ طاقت سرکشوں کا پنجہ توڑے — وہ دانش منتشر اجسام کو جوڑے

وہ شمع حسن، قرباں سب نگاہیں — وہ باغ فکر، بلبل سے جو [illegible]

نظر سالک، کہ دل میں خود سمائے — ہے دل مجذوب یا پر دل [illegible]

دل و جاں کی تمنا تیرا مسکن — ہے گرد راہ واں، ہر دل کی دھڑکن

وہ خط جو خوب روئی کا ہے عنواں — وہ لب خاموش، بذلہ گوئی کی جاں

وہ ہمت ابر ساں گلشن بنے خاک — وہ سطوت جیسے شیروں کے جگر چاک

نہاد ایسی، بلند اور با وجاہت — زباں، خود ترجمانِ فہم و فراست

نہال تو ہے، نیکی کے چمن میں — غزال خوب زیبائی کے بن میں

محبت کا ہے تو اک بے بہا دُر

امین الدین احمد خاں بہادر

قطعات

قطعہ نمبر ۱

غالب از خاکِ پاک تورانیم ‌ ‌ ‌ لاجرم در نسب فره مندیم
ترک زادیم و در نژاد ہمے ‌ ‌ ‌ بسترگانِ قوم پیوندیم
ایبکم از جماعۂ اتراک ‌ ‌ ‌ در تمامے زماه ده چندیم
فن آبائ ماکشاورزیست ‌ ‌ ‌ مرزبان زادۂ سمرقندیم
در زمعنی سخن گزارده ‌ ‌ ‌ خود چہ گوئیم تا چہ د چندیم
فیض حق را کمینہ شاگردیم ‌ ‌ ‌ عقل کل را بہینہ فرزندیم
ببلاشیکہ ہست فیروزیم ‌ ‌ ‌ بمعاشیکہ نیست خرسندیم
ہمہ برخویشتن ہمی گرییم ‌ ‌ ‌ ہمہ برروزگار می خندیم

قطعہ نمبر ۲

ساقی چو من بشنگے و افراسیابیم! ‌ ‌ ‌ دانی کہ اصل گوہرم از دودۂ جم ست
میراث جم کہ مے بود اینک بمن سپار ‌ ‌ ‌ زیں پس رسد بہشت کہ میراث آدم ست

قطعہ نمبر ١

آئے ہیں ہم خاکِ پاکِ توراں سے ۔۔۔ ہے یقیناً نسب ہمارا بلند
ہم ہیں ترک اور مرز بوم میں بھی ۔۔۔ اِن بزرگوں سے رکھتے ہیں پیوند
ترک اقوام میں ہیں ہم ایبک ۔۔۔ برتری میں ہیں ماہ سے دہ چند
فنِ آبائی ہے کشاورزی ۔۔۔ ہم ہیں جاگیر دارِ اسمرقند
معنوی خوبیاں جو پوچھو تم ! ۔۔۔ کیا کہیں خود کہ ہم میں ہیں تاچند
فیضِ حق کے ہیں کمترین شاگرد ۔۔۔ عقلِ کل کے اوّلیں فرزند
ہمنفسِ برق کے ہیں تابش میں ۔۔۔ اور بخشش میں ابر کے مانند
ہم ہیں اپنی تلاش پر نازاں ۔۔۔ جو نہیں اُس معاش پر خورسند

ہمہ تن گریاں اپنے آپ پہ ہم
سر بسر خنداں دہر پر ہر چند

قطعہ نمبر ٢

افراسیابی[١] اور پشنگی[٢] ہوں ساقیا ۔۔۔ اور خاندانِ جم سے ہے ملتا نسب مرا
میراثِ جم شراب ہے یہ مجھ کو سونپ تو ۔۔۔ جنّت کا ورثہ حصّۂ آدم میں آئے گا

---

[١] و [٢] شاہنامۂ ایران کے مشہور نام افراسیاب اور پشنگ کے ساتھ غالب اپنا حسب نسب جتانے کے لئے اپنے آپ کو افراسیابی اور پشنگی کہہ رہا ہے۔

قطعہ نمبر ۳

آنم کہ دریں بزم صریر قلم من ! — در رقص در آوردہ سپہر نہمیں را
رضواں کند از ریزۂ کلکم بہ تبرک — پیوندگری نخلۂ فردوس بریں را
ہرجا ورک اندیشہ کہ از شست کشادم — بر رہ گزرِ وحی رہ افتاد کمیں را
بر محضرِ استادیِ من بسکہ زند مُہر — بر خانۂ جسم سودہ شود نقش نگیں را
با ایں ہمہ آرائش گفتار کہ گفتم — از جبہۂ بختم نبود فاصلہ چیں را
بخت صلۂ مدح و قبولِ غزلم نیست — تسکیں بچہ بخشم دلِ ہنگامہ گزیں را

در بانگ زنی کاں ہمہ داوند بحافظ
گرم نبخش باد ولیکن چہ شد ایں را

قطعہ نمبر ۷

اے کہ در بزم شہنشاہ سخن رس گفتہٗ — کی بہ پیر گوئی فلاں در شعر ہمسنگِ منست
راست گفتی لیک میدانی کہ نبود جای طعن — کمتر از بانگِ دہل گر نغمۂ چنگِ منست
نیست نقصاں یکدو جزو ست از سواد ریختہ — کاں دژم برگی ز نخلستانِ فرہنگِ منست
فارسی بیں تا بہ بینی نقشہاے رنگ رنگ — بگزر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگِ منست
فارسی بیں تا بدانی کاندر اقلیمِ خیال — مانی و ارژنگم و آں نسخہ ارژنگِ منست
کے درخشد جوہر آئینہ تا باقیست زنگ — صیقلِ آئینہ ام ایں جوہر آں زنگِ منست
ہاں من و دیز داں بنای شکوہ بر بیہودہ است — تا نہ پنداری بہ پرخاش تو آہنگِ منست
دوست بودی شکوہ سر کردم ولی جبہ تو نیست — کایں ہمہ بیداد بر من از دلِ تنگِ منست

دلِ ہنگامہ گزیں سے اپنی قسمت کا گلہ

میں وہ ہوں کہ اس بزم میں گلبانگِ قلم سے
خود رقص میں لے آؤں سپہرِ ہنمیں کو

رضواں کو مری کلک کے ریزے ہیں تبرک
پیوند کرے نخلۂ فردوسِ بریں کو

جس تیر کو تخئیل مری پھینکے ہدف پر
وہ رہگذرِ وحی پہ جا بیٹھے کمیں کو

استادی کے محضر پہ مرے مہر لگی ہے
وہ ڈھونڈتی ہے خاتمِ جم نقشِ نگیں کو

بایں ہمہ آرائشِ گفتار کہ ہے حق
قسمت کی جبیں سے نہ ہٹا پاؤں میں چیں کو

نے مدح کا انعام نہ تحسین غزل کی
دوں کیسے میں تسکین دلِ ہنگامہ گزیں کو

اپنے فارسی کلام کے بارے میں غالب کا ذوق سے خطاب

اے کہ تو نے شاہِ نکتہ رس کی محفل میں کہا
کب بھلا پرگوئی ہے غالب مرا مسلک ہے

سچ کہا تو نے، مگر ہے طعن تیرا بے محل
ڈھول کی آواز سے کم گر نوائے چنگ ہے

گر مرا دیوانِ اردو مختصر ہے کیا حرج
یہ مرا پژمردہ برگِ گلشنِ فرہنگ ہے

فارسی دیکھ اس میں ہیں کیا نقشہائے رنگ رنگ
چھوڑ اردو کو، کہاں اردو میں میرا رنگ ہے

فارسی دیکھے تو پا جائے، کہ ملکِ فکر میں
مانی و ارژنگ ہوں نسخہ مرا ارژنگ ہے

جوہرِ آئینہ کیا چمکے اگر ہو اس میں زنگ
میں ہوں صیقل، فارسی جوہر ہے اردو زنگ ہے

میرا شکوہ از رہِ مہر و وفا ہے حق گواہ
مت سمجھ لے تو کہ مجھ کو کوئی طرحِ جنگ ہے

دوست تھا تو میں ہوا شاکی، نہ تھا تیرا قصور
یہ ستم سب مجھ پہ ہے دل کا مرے جو تنگ ہے

بخت من ناسازو خوی دوستان ناساز تر　　تا چہ پیش آید کنوں با بخت خود جنگ منست
دشمنی را ہمقفی شرط است وآں دانی کہ نیست　　از تو نبود نغمہ ور سازی کہ در چنگ منست
در سخن چوں ہمزباں و ہمنوا ے من شد　　چوں دلت را پیچ و تاب از رشک آہنگ منست
راست میگویم من واز راست سر نتواں کشید　　ہرچہ در گفتار فخر تست آں ننگ منست
میفرستم تا نظرگاہ جہاندار ایں ورق　　نامہ بر باد ار اگر خود طائر رنگ منست
دیدہ ور سلطاں سراج الدین بہادر شہ کہ او　　آں شرر بیند کہ پنہاں در رگ سنگ منست
جم حشم شاہی کہ در ہنگامہ عرض سپاہ　　میتواند گفت دارا کہ سرہنگ منست
انوری و عرفی و خاقانی سلطاں منم　　پادشہ طہمورث و جمشید و ہوشنگ منست
شاہ میداند کہ من مداح شاہم باک نیست　　گر تو اندیشی کہ ایں دستان و نیرنگ منست
از ادب دم در زحاقاں ورنہ در اظہار قرب　　خطوہ و گام تو گولی میل و فرسنگ منست

مقطع ایں قطعہ زیں مصرع معترع باد و بس
ہرچہ در گفتار فخر تست آں ننگ منست

قطعہ نمبر ۸

فرصت اگرت دست دہد مغتنم انگار　　ساقی و مغنی و شرابی و سرودی
زنہار ازاں قوم نباشی کہ فریبند　　حق را بسجودی و نبی را بدرودی

قطعہ نمبر ۹

زاہد ز طعنہ برق فشوسم بجاں مریز　　نسبت مکن بزندقہ ای زشت خو مرا
گوئی کہ با کلام مجیدت رجوع نیست　　دل تیرہ شد ز کلفت ایں گفتگو مرا

بخت ہے ناساز، خوئے دوست ہے ناساز تر — دیکھیں کیا پیش آئے؟ اپنے بخت سے ہی جنگ ہے
دشمنی میں نہفتی ہے، شرط جو پوری نہیں — کب ترے بس میں نوا؟ پُرجس سے میرا چنگ ہے
جب نہیں تو ہمزباں اور ہمنوا میرا تو پھر — رشک کیا؟ کیسی رقابت اور کیوں یہ جنگ ہے
سچ کہوں گا اور سچی بات سے کیا احتراز — شعر میں جس پر ہے تجھ کو فخر مجھ کو ننگ ہے
اس ورق کو بھیجتا ہوں میں شہنشہ کے حضور — نامہ بر اس کا ہو طائر جو کہ میرا رنگ ہے
دیدہ ور سلطاں سراج الدین بہادر شہ کہ وہ — دیکھ لیتا ہے شرر کو جو درونِ سنگ ہے
شاہ مرا ہے جم حشم اتنا کہ کہہ سکتا ہے وہ — کون دارا؟ ہاں جو میری فوج کا سرہنگ ہے
انوری و عرفی و خاقانی سلطاں ہوں میں — شاہ مرا طورث و جمشید ہے، ہوشنگ ہے
جانتا ہے شاہ ثناخواں ہوں میں اس کا! کیا ہوا — تو اگر جانے یہ میرا حیلہ و نیرنگ ہے
دور ہوں شہ سے ادب سے ورنہ چاہوں قرب گر — گام تیرا آئے تو میرا قدم فرسنگ ہے

مقطع کو اس قطعہ کے یہ مصرع زینت دے تو بس
شعر میں، جس پر ہے تجھ کو فخر، مجھ کو ننگ ہے

ترجمہ قطعہ نمبر ۸

بہلاؤ دل اگر ملے فرصت زمانے میں — ساقی، مغنی اور شراب و سرود سے
اس قوم سے مگر نہ بنو جو فریب دے — حق کو سجود اور نبی کو درود سے

الزامِ زندقہ کی تردید میں

زاہد نہ طعن سے تو گرا مجھ پہ برقِ غم — الزامِ زندقہ نہ دے اے زشت خو مجھے!
کہتا ہے تو نہیں مجھے قرآں پہ اعتقاد — سوہانِ روح ہے تری یہ گفتگو مجھے

حق است مصحفؔ بود از روئے اعتقاد ‏ در عزّتِ کلامِ الٰہی غلوُ مرا
ہر صفحہ زاں صحیفۂ مشکیں رقم بچشم ‏ باشد نکو ترا ز خطِ روئے نکوُ مرا
شیطاں عدوست لیک از آں نامہ ہر ورق ‏ بخشد خطِ اماں ز نہیب عدوُ مرا
دانم کہ امر و نہی بود در کلامِ حق ‏ سیرابی نمیست از آں آبجوُ مرا
با اینہمہ کہ در خم و پیچ و غم و تعب ‏ سرگشتہ دارد ایں فلکِ جنگجوُ مرا
برخاستست گرد ز سرچشمۂ حواس ‏ وز حافظہ نماندہ نمے در سبوُ مرا
لاتقربوا الصلوٰۃ ز نہیم بخاطرست ‏ وز امر یاد ماندہ کلوا واشربوُ مرا

قطعہ نمبر ۱

ساقیِ بزمِ آگہی روزے ‏ راوقے ریخت در پیالۂ من
چوں دماغم رسید زاں صہبا ‏ شدم از ترکتاز وہمِ ایمن
ہمدراں سرخوشی حریفانہ ‏ بے محابا گرفتمش دامن
گفتم ای محرمِ سرائے سرور ‏ از ادب دور نیست پرسیدن
اوّل از دعوئے وجود بگو ‏ گفت کفرست در طریقتِ من
گفتم آخر نمودِ اشیا چیست ‏ گفت ہی ہی نمی تواں گفتن
گفتمش با مخالفاں چہ کنم ‏ گفت طرحِ بنائے صلح فگن
گفتم ایں حبِّ جاہ و منصب چیست ‏ گفت دامِ فریب اہرمن
گفتمش چیست منشاِ سفرم ‏ گفت جور و جفائے اہلِ وطن
گفتم اکنوں بگو کہ دہلی چیست؟ ‏ گفت جانست وایں جہانش تن
گفتمش چیست ایں بنارس؟ گفت ‏ شاہدی مست محوِ گل چیدن

ہے تو نہیں مجھے قرآں پہ اعتقاد — سو بار رد کی ہے تری یہ گفتگو مجھے
مصحف کلامِ حق ہے نہیں اسمیں کوئی شک — بے شک ہے اختراع میں اس کے علم مجھے
ہر صفحہ اس صحیفۂ شکیں رقم کا دیکھ — محبوب تر ہے تجھ سے بھی اے خوبرو مجھے
شیطان ہے عدو، مگر مصحف کا ہر ورق — پروانۂ اماں ہے خلافِ عدو مجھے
ہیں امر و نہی اس میں بجا مانتا ہوں میں — سیراب کر رہی ہے یہی آبِ جو مجھے
پر غم میں پیچ و غم میں مصیبت میں رات دن — سرگشتہ رکھتا ہے فلکِ جنگ جو مجھے
ہوش و حواس میرے ٹھکانے نہیں رہے — کر ڈالا حافظے نے بھی خالی سبو مجھے
ہے یاد مجھ کو نہی سے "لَا تقربوا الصلوٰۃ" — اور امر سے ہے یاد "کلوا و اشربوا" مجھے

ساقیِ بزمِ آگہی کے ساتھ گفتگو (قطعہ)

ساقیِ بزمِ آگہی نے جب — ڈال دی جام میں شرابِ کہن
مے سے روشن ہوا دماغ مرا — ہو گیا وہم و شک سے میں ایمن
میں نے اُس سرخوشی کے عالم میں — پوچھا ساقی سے تھام کر دامن
گر ادب سے نہ دور ہو پوچھوں — تجھ سے اے محرمِ رموزِ زمن
کیا ہے یہ "دعویٰ وجودِ اول" — بولا "ہے کفر! پڑھ طریقت من"
ہے یہ آخر نمودِ اشیا کیا؟ — بولا "اُف یہ تو ہیچ ہے ہمہ تن"
پوچھا منتیں رقیب سے کیوں کر — بولا "لے آ، تو صلح کی چلمن"
جاہ و منصب کی ہے ہوس کیا چیز؟ — ہے یہ دامِ فریبِ اہرمن[1]
پوچھا منشا سفر کا؟ تو یہ کہا — ہائے جور و جفائے اہلِ وطن
پوچھی جب میں نے بات دلی کی — تو کہا "جاں ہے یہ، جہاں ہے تن"
اور بنارس؟ کہا کہ ہے یہ تو — شاہدِ مست محوِ گل چیدن

[1] شیطان

گفتمش چوں بود عظیم آباد؟ | گفت رنگیں تر از فضائی چمن
گفتمش سلسبیل خوش باشد | گفت خوشتر نباشد از سوہن
حال کلکتہ باز جستم، گفت | باید اقلیم ہشتمش گفتن
گفتم آدم بہم رسد در وے | گفت از ہر دیار و از ہر فن
گفتم ایں جا چہ شغل سود دہد | گفت از ہر کہ ہست ترسیدن
گفتم ایں جا چہ کار باید کرد | گفت قطع نظر ز شعر و سخن
گفتم ایں ماہ پیکراں چہ کس اند | گفت، خوباں کشور لندن
گفتم ایشاں مگر دلے دارند | گفت، دارند لیکن از آہن
گفتم از بہر داد آمدہ ام | گفت بگریز و سر بسنگ مزن
گفتم اکنوں مرا چہ زیبد؟ گفت | آستیں بر دو عالم افشاندن

گفتمش باز گو طریق نجات
گفت غالب بہ کربلا رفتن

قطعہ نمبر ۱۱

چوں مرا نیست دستگاہ ستیز | چوں مرا نیست رسم و راہ مصاف
میکشایم لبے بہایا ہائے | میکشم خنجر زباں غلاف
لیک در ہجو بایدم امساک | در شکایت نشایدم اسراف
بندہ را بودہ است از سرکار | دست مزد مشقت اسلاف
زر سالانہ برائے دوام | وجہ شائستہ بقدر کفاف
ملزمم کردہ اند ہاں بہ دعا | حق من خوردہ اند ہیں بگزاف

پوچھا جب کیسا ہے عظیم آباد — بولا "رنگیں تر از فضائے چمن"
مجھے کوثر کی سلسبیل کی بات — بولا "کمتر ہے اس سے گنگ جمن"
حالِ کلکتہ پوچھا، تو یہ کہا — "ہشتم اقلیم! یہ نرالا چمن"
پوچھا، ساکن وہاں ہیں کیسے لوگ — تو کہا "سب جہاں کے ماہرِ فن"
کونسی بات سود مند ہے یاں — بولا "ہر اک سے خوفِ جان و تن"
پوچھا یاں شغل کونسا کیجے؟ — بولا "لیجے نہ نامِ شعر و سخن"
پوچھا "یہ ماہرو حسیں ہیں کون؟" — بولا "خوبانِ کشورِ لندن"
پوچھا، کیا ان کے دل بھی ہوتے ہیں — تو کہا "ہوتے ہیں مگر آہن"
جب کہا بہرِ داد آیا ہوں — بولا "پتھر سے پھوڑ لے سر و تن"
پوچھا، اب کیا کروں؟ جواب ملا — "ہر دو عالم سے جھاڑ لے دامن"

پوچھا، پھر بھی کوئی نجات کی راہ؟
بولا، ہاں! کربلا میں ڈھونڈ امن

وائے یہ حاکمانِ بے انصاف

جب نہیں مجھ کو دستگاہِ ستیز — جب نہ ہم جانوں میں رسمِ دادِ مصاف[۳]
چیخ کر میں پکاروں ہائے ہائے! — کھینچوں خنجر سے میں زباں کا غلاف
یک لازم ہے ہجو میں امساک — میں شکایت میں کم کروں اسراف
مجھ کو سرکار سے ملے دائم — دستِ مزد، مشقتِ اسلاف
زرِ سالانہ بہ سبیلِ دوام — وجہ شائستہ بقدرِ کفاف
مجھ کو گردانا جونوں ہی مجرم — کھا گئے میرا حق بہ لاف و گزاف

۱۔ ہندوستان کا ایک دریا، جس کے کنارے پر عظیم آباد (پٹنہ) ہے
۲۔ زوالِ عظمت کی علامت اور سلسلہ
۳۔ جنگ

آه از اقربائے بے آزرم
داد از حاکمان نا انصاف

قطعہ نمبر ۱۱

ای کہ خواہی کہ بعد ازیں باشم
مخلص صادق الولای تو من

گر ترا شیوہ شاہدے بودے
کردمی جان و دل فدای تو من

ور ترا پیشہ شاعرے بودے
سودمی چشم و سر بپای تو من

ور ترا پایہ خسروی بودے
سفتمے گوہر ثنای تو من

چوں ازینہا نہ مرا چہ ضرور
کہ شوم ہرزہ مبتلای تو من

راست گویم بہانہ چند آرم
ناصح مشفقم برای تو من

بسکہ بر مال و جاہ مغرورے
نیستم خوش ازیں، دای تو من

چہ کنی ایں فساد سیم و زرست
وای من گر بوم بجای تو من

بتو ہرگز نہ دادے زر و سیم
خواجہ گر بودے خدای تو من

قطعہ نمبر ۱۲

ایا بے ہنر دشمن دیو سار
چہ نازی بہنگامۂ زور و زر

زما باش فارغ کہ ما فارغیم
نداریم پروای ایں شور و شر

ترا شیوہ دزدے دما بلینو ا
تو بد روی و بدگوئی و ما کور و کر

آہ! یہ اقربائے بے شفقت
وائے! یہ حاکمانِ بے انصاف

ہجو

اے کہ چاہے ہنوں میں آج کے بعد — مخلص اور صادق الولا تیرا
گر ترا شیوہ شاعدی ہوتا — جاں بھی قربان، دِل فدا تیرا
گر ترا پیشہ شاعری ہوتا — میرے ماتھے پہ ہوتا پا تیرا
گر ترا پایہ خسروی ہوتا — ہوتا مدّاح خوش نوا تیرا
جب تو کچھ بھی نہیں تو بیہودہ — کیسے ہو جاؤں مبتلا تیرا
سچ کہوں تجھ سے کچھ بہانہ نہیں — چاہوں شفقت سے میں بھلا تیرا
تو ہے مغرورِ جاہ و مال ابھی! — ہو کے ناخوش کروں گلا تیرا
بھول مت: سیم و زر کا ہے یہ فساد — حاشا کوئی ہو مدّاح ادا تیرا

تجھ کو دیتا نہ سیم و زر ہرگز
خواجہ گر ہوتا میں خدا تیرا

ہجو عدو

تو اے بے ہنر دشمنِ دیوسار — ہے مغرور کیوں، جو ملا سیم و زر
تو ہو ہم سے فارغ کہ فارغ ہیں ہم — نہ ہم لائیں خاطر میں یہ شور و شر
ترا شیوہ دزدی ہے نادار ہم! — تو بدشکل و بدگو: ہیں ہم کور و کر

قطعہ نمبر ۲۱

ایا زیاں زدہ نا تب کہ از حدیقۂ بخت
نمی رسد بتو خاور خسے ز ہیچ سبیل

چو لازمست کہ پروردگار تا دم مرگ
بود برزق ضروریۂ عباد کفیل

چراست اینکہ نداری زراز سیاہ و سپید
چراست اینکہ بیابی بر از کثیر و قلیل

فتادہ در سر ایں رشتہ عقدۂ ورنہ
نمردہ تو و نے رازق العباد بخیل

ز چند سال برگ تو و تباہی رزق
شدست حکم خود از پیشگاہ رب جلیل

فرشتہ کہ وکیل ست بر خزائن رزق
نکرد ہیچ توقف برزق در تعطیل

دوم فرشتہ کہ یادش بخیر مقروں باد
روا نداشت در اہلاک شیوۂ تعجیل

لطیفۂ کنم از قول شاعرے تضمین
کہ در لطیفہ مرا در اکسے نبود عدیل

اگر خدائے بداند کہ زندۂ تو ہنوز
ہزار مشت زند بر دہان عزرائیل

قطعہ نمبر ۲۲

ایا محیط فضائل کہ تا تو در نظرے
نظر بہ شوکت دارا و کیقباد م نیست

بدیدہ سرمہ کشم از سواد نامۂ تو
اگرچہ دیدہ شناسائے آں سوادم نیست

تو اصل دانش و دانستہ کہ از نہ سال
ہمی تپم بہ تمنائے داد و دادم نیست

بصدری رود ایں باز پرس بسم اللہ
ہمیں مراد من ست و جز ایں مرادم نیست

تو کردی و تو کنی کارم اعتقاد انیست
بکار سازی بخت خود اعتقادم نیست

رسیدمی و بپائی تو سودمی سر عجز
بضاعت سفر و دستگاہ زادم نیست

لطیفہ (ترجمہ قطعہ)

زباں نصیب تجھے خوردہ خار و خس بھی ملے
حدیقۂ بخت کا تیرے ہے گو عریض و طویل

تو مانتا ہے کہ پروردگار تا دمِ مرگ
ہے اپنے بندوں کی روزی لازمہ کا کفیل

تو کیوں نہ تجھ کو شب و روز سیم و زر بخشے
ثمر مراد کا تجھ کو نہ دے کثیر و قلیل

پڑی ہے رشتہ میں کوئی گرہ وگرنہ ابھی
نہ تو ہے مردہ نہ رزاقِ بندگاں ہے بخیل

کئی برس سے تری مرگ و بندِ رزق کا حکم
صدور کر چکی ہے بارگاہِ ربِ جلیل

فرشتہ جس کی کفالت میں ہیں خزائنِ رزق
کیا نہ اس نے توقف: کی رزق میں تعطیل

فرشتہ دوسرا یادش بخیر! اس کی سنو
تمہاری موت میں اس کو روا نہیں تعجیل

کروں گا میں یہاں تضمینِ قولِ شاعر پہ
نہیں لطیفے میں جس کا کوئی مثیل و عدیل

خبر خدا کو ملے گر کہ تو ہے زندہ ہنوز
کرے ہزار طمانچے نصیبِ عزرائیل

لندن میں غالب کی درخواست جانے کا ذکر جس خط میں تھا اسکے جواب میں

تو اے محیطِ فضائل نظر میں ہے جبتک
نظر میں شوکتِ دارا و کیقباد نہیں

سواد نامہ کو تیرے بنا دوں سرمۂ چشم
اگرچہ آنکھ نے دیکھا ترا بلاد نہیں

ہے جانِ معنی پہ روشن کہ نو برس سے میں
تڑپ رہا ہوں ملے داد اور داد نہیں

ہزار شیوۂ گفتار، اک قبول نہیں
ہزار بستگیٔ کار! اک کشاد نہیں

چلی ہے عرضی مری اب جو صدرِ لندن تک
یہی مراد تھی اک، اور کچھ مراد نہیں

کیا بھی تو نے کریگا بھی تو مرا ہر کام
یہ اعتقاد ہے! قسمت کا اعتقاد نہیں

رسید می دبیابی تو سود می سر بیز | بضاعت سفر و دستگاه زادم نیست
مفید مطلب من ہ کتابتی کہ بو د | تو جمع کن کہ بسانہ آں مپیغ یادم نیست
امید لطف تو دل می دہد بدیں شادم | دگرنہ تاب صبوری ازیں زیادم نیست
بذوق قرب زمان مراد بے تابم | دگرنہ شورش تعجیل در نہادم نیست
بہ نیمروز بہ لندن رساند می زورق | دلی چہ چارہ کہ فرماں برابادم نیست

بہ التفات تو صد گونہ اعتمادم ہست
دلی شتاب کہ بر عمر اعتمادم نیست

قطعہ نمبر ۳۴

منم بدہر کہ پیش از وجود لوح و قلم | بخامہ شیوۂ تحریر کردہ ام تلقین
قلم ز نسبت دستم نہال روضۂ خلد | ورق ز صنعت کلکم نگار خانۂ چیں
دلم خزینۂ راز دو عالم ست و لے | ز بے زبانی خویشم بگنج راز امیں

قطعہ نمبر ۶۲ نوحہ

اے فلک شرم از ستم بر خاندان مصطفٰے | داشتی زیں پیش سر بر آستان مصطفٰے
اے بمہر و ماہ نازاں ہیچ میدانی چہ رفت | از تو بر چشم و چراغ دودمان مصطفٰے
سایہ از سرو رواں مصطفٰے نفتد بخاک | ہاں چہ بر خاک افگنی سرو روان مصطفٰے
کینہ خواہی ہیں کہ با اولاد امجادش کنی | انچہ با مہ کردہ اعجاز بنان مصطفٰے
نیک نبود کز تو بر فرزند دلبندش رسد | انچہ رفت از مرتضٰی بر دشمنان مصطفٰے

بں کاش پہنچوں سر عجز پاؤں پر رکھوں
سفر کی پر نہیں ہمت، سفر کا زاد نہیں

ہ ہر حوالہ جو میرے مفید مطلب ہو
تو جمع کر کہ مجھے جملہ جملہ یاد نہیں

زے ہی لطف کی امید دل کی دُعا رہی ہے
وگرنہ صبر کی طاقت تو کچھ زیاد نہیں

ہوں ذوقِ قربِ زمانِ مراد سے بیتاب
یہ جلد بازی وگرنہ مری نہاد نہیں

بں نیم روز میں لے جاؤں کشتی لندن تک
پہ میرے تابعِ فرمان آب و باد نہیں

ہے التفات پہ صد گونہ اعتقاد مجھے!
وے شتاب! کہ خود جاں کا اعتماد نہیں

قطعہ نمبر ۳۴

وجودِ لوح و قلم سے بھی پیشتر میں نے
کیا تھا شیوۂ تحریر خامہ کو تلقیں

قلم ہے ہاتھ میں میرے نہالِ روضۂ خلد
ورق ہے میری رقم سے نگار خانۂ چیں

خزانہ رازِ دو عالم کا دل مرا ہے مگر
میں بیزبانی سے اس گنجِ راز کا ہوں امیں

نوحۂ شہیدانِ کربلا

ے فلک رُک مٹ نہ جائے خاندانِ مصطفےٰ
تیری سجدہ گاہ تھا۔ یہ آستانِ مصطفےٰ

ے سپہرِ مہر و ماہ، تو نے یہ ہم سے کیا کیا؟
پوچھیں خود چشم و چراغِ دودمانِ مصطفےٰ

ما یہ گرنا ہی نہ تھا، سرورِ رواں کا خاک پر
تو گرائے خاک پر "سروِ روانِ" مصطفےٰ

ف یہ کینہ! اسکی تو اولاد سے، وہ کچھ کرے
ماہ سے جو کچھ، کہ اعجازِ زبانِ مصطفےٰ

ف! ترے ہاتھوں وہ پہنچے اسکے فرزندوں کو دکھ
مرتضیٰ سے تھے جو پاتے دشمنانِ مصطفےٰ

گرمیٔ بازارِ امکاں خود طفیلِ مصطفےٰ ست
ہیں چہ آتش میزنی اندر دکانِ مصطفےٰ

یا تو دانی مصطفےٰ را فارغ اندر رنجِ حسینؓ
یا تو خواہی زیں مصیبت امتحانِ مصطفےٰ

یا مگر گاہی ندیدی مصطفےٰ را با حسینؓ
یا مگر ہرگز نبودے در زمانِ مصطفےٰ

آں حسینؓ ست ایں کہ سودی مصطفےٰ چشمش برخ
بوسہ چوں باقی نماندی در دہانِ مصطفےٰ

آں حسینؓ ست اینکہ گفتی مصطفےٰ روحی فداک
چوں گزشتے نام پاکش بر زبانِ مصطفےٰ

قدسیاں را نطقِ من آوردہ غالبؔ در سماع
گشتہ ام در نوحہ خوانی مدح خوانِ مصطفےٰ

گرمیٔ بازارِ امکاں ہے طفیلِ مصطفیٰ / تو مگر چاہے جلا ڈالے دکانِ مصطفیٰ

کیا تو سمجھا مصطفیٰ کو ہے نہیں رنجِ حسینؑ / یا مصیبت سے تو چاہے امتحانِ مصطفیٰ

مصطفیٰ کی گود میں دیکھا نہ تھا تو نے حسینؑ / یا نہ تھا موجود تو جب تھا زمانِ مصطفیٰ

یہ وہی ہیں جن کے رُخ پر آنکھ ملتے تھے رسولؐ / خالی جب بوسوں سے ہو جاتا دہانِ مصطفیٰ

مصطفیٰ کہتے میں قرباں تیرے اے میرے حسینؑ / جب بھی لیتی نامِ پاک اُن کا زبانِ مصطفیٰ

قدسیوں کو نطق میرا لایا غالبؔ وجد میں
نوحہ خوانی میں ہوا میں مدح خوانِ مصطفیٰ

قصۂ حسنِ طلب

گفتم بہ خرد بجلوتِ اُنس / کاے شمع و چراغ ہفت ایواں
آیا ز چہ بُوَد کہ نواب / نہ نوشت جواب نامہ ام ہاں
آں گونہ عریضۂ کہ دانی / درویش نوشتہ سوئے سلطاں
آں گونہ قصیدۂ کہ گوئی / زصغرہ دمید سنبلستاں
ایں ہر دو رسید و نیست پیدا / زاں سو اثرے بہ ہیچ عنواں
رنجیدہ مگر ز مدح نواب / اے کاش نہ گشتمے ثنا خواں
ہیہات چہ گفتہ ام کہ باشم / از گفتۂ خویشتن پشیماں
عقلم جواب گفتہ غالب / زنہار مخور فریب شیطاں
نواب بہ فکر ارمغان ست / تا نامہ فرستدت بساماں
واں ہا کہ بخاطرش گذشتہ است / زود آں ہمہ جمع کردن نتواں
زود ست کہ جمع نیز گردد / دیر است کہ دادہ است فرماں
تا رہروانِ بحر و بر / گرد آرند بکوشش فراواں
دیبا ز دمشق مخمل از روم / الماس ز معدن و زر از کاں
فیل از دکن و زمرد از کوہ / توسن ز عراق، دُر ز عماں
فیروزۂ نغز از نشاپور / یاقوت گیرند از بدخشاں
جمازۂ تیز رو ز بغداد / شمشیر برندہ از صفاہاں
پشمینۂ قیمتی ز کشمیر / زر بفت گرانبہا ز ایراں

حسنِ طلب کا ایک دلچسپ قصّہ

یہ پوچھا میں نے خلوت میں خرد سے / کہ اے چشم و چراغِ ہفت ایواں

بتا مجھ کو سبب نوّاب نے کیوں / جواب خط نہیں بھیجا ہے مجھے، ہاں

تجھے معلوم ہے کہ اک عریضہ / لکھا درویش نے تھا سوئے سلطاں

قصیدہ بھی تھا اک ایسا کہ گویا / اُگا کاغذ کے تختے پر گلستاں

یہ دونوں اس کو پہنچے پر ابھی تک / نتیجہ کچھ نہیں ہم پر نمایاں

ہوا مدح و ثنا سے کیوں وہ ناراض / نہ ہوتا کاش میں اس کا ثنا خواں

بجانے لکھ دیا کیا میں نے ہائے / کروں کیا عذر ہوں دل سے پشیماں

خرد مجھ سے ہوئی گویا کہ غالب / نہ کھا ہرگز فریب و مکرِ شیطاں

اُدھر نواب کو ہے فکرِ انعام / کہ خط بھیجے تجھے با ساز و ساماں

اسے سوجھے ہیں وہ تحفے کہ جن کا / نہیں ہے جمع کرنا جلد آساں

مگر اب جمع ہو جائیں گے جلدی / بہت مدت سے جاری ہے یہ فرماں

کہ بحر و بر کے رہرو کر کے کوشش / کریں چیزیں فراہم یہ فراواں

دمشقی دیبا ہو اور مخمل روم / ہو زر معدن کا اور الماس بازکاں

زمرّد کوہ سے ہاتھی دکن سے / عراقی گھوڑا اور دُر ہائے عماں

وہ نیشاپور سے فیروزہ لائیں / مگر یاقوت کو جائیں بدخشاں

وہ لائیں اونٹنی بغداد سے تیز / مگر شمشیر ہو تیغِ صفاہاں

وہ پشمینہ کی خاطر جائیں کشمیر / مگر زربفت لینے جائیں ایراں

فی الجملہ ز رنگ چوں ازیں رست — بر رنج و ملال نیست برہاں
چوں پیرِ خرد ز دلفریبی — گفت اینہمہ رازہائے پنہاں
گشتم بدم امید واری — مرہم نہ زخمِ یاس و حرماں
گفتم کہ چوں با من ایں کرم کرد — آں قبلہ و قبلہ گاہ اعیاں
ناچار ز راہ حق گزاری — تا کردہ شود تلافیِ آں
من نیز طلب کنم بر آنش — ایں خواہش اگرچہ نیست آساں
آئینہ و تاج از سکندر — انگشتری و تخت از سلیماں
از عالمِ غیب جامِ جمشید — ز چشمۂ خضر آبِ حیواں
عمر ابد و نشاطِ جاوید — نیروئے دل و ثباتِ ایماں

توفیقِ جواب نامۂ خویش
توقیعِ عطا و بذلِ احساں

ترکیب بند

غالب کا مشہور زنداں نامہ

(حبسیہ)

جو سو برس تک کلیات غالب میں شامل نہ ہو سکا

اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

ہے ساری دیر ہی جب اس سبب سے — ملال و رنج کی کچھ کیا ہے بڑھاں
جو ایسی دلفریبی سے خرد نے — بتائے مجھ کو سب اسرار پنہاں
ہوئی امید زندہ اس کے دم سے — ہوئے سب دور رنج و یاس و حرماں
یہ سوچا میں نے جب اس نے کہ مجھ پر — کرم اتنا کیا ہے اور احساں
تو مجھ پر بھی ہے لازم حق گزاری — تلافی کے لئے ہو جاؤں کوشاں
طلب اس کے لئے کرتا ہوں میں بھی — یہ خواہش گو نہیں کچھ ایسی آساں
سکندر سے ملے آئینہ و تاج — نگین و تخت دونوں دے سلیماں
میسر غیب سے ہو جامِ جمشید — ملے خود خضر سے بھی آبِ حیواں
ابد تک عمر اور جاوید راحت — ہو طاقت دل میں اور اثباتِ ایماں

جوابِ خط کی بھی توفیق پائے
مقدر ہو، عطا و بذلِ احساں

ترکیب بند

غالب کا مشہور زنداں نامہ

(ضمیمہ)

جو سو برس تک کلیاتِ غالب میں شامل نہ ہو سکا

اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

بند اول

خواہم از بند بہ زندان سخن آغاز کنم
غم دل پردہ دری کرد، فغاں ساز کنم

بہ نوائے کہ ز مضراب چکاند خوناب
خویشتن را بہ سخن زمزمہ پرداز کنم

در خرابی بہ جہان میکدہ بنیاد نہم
در اسیری بہ سخن دعوی اعجاز کنم

بے مشقت نبود قید، بہ شعر آویزم
روزکے چند رسن تابی آواز کنم

چون سرایم سخن، انصاف ز جرم خواہم
چون نویسم غزل، اندیشہ ز غماز کنم

تا چہ افسون بہ خود از ہیبت صیاد دمم
تا چہ خون در جگر از حسرت پرواز کنم

یار دیرینہ قدم رنجہ مفرما کاین جا
آن نگنجد کہ تو در کوبی و من باز کنم

ہائے ناسازی طالع کہ بہ من گردد باز
با خرد شکوہ گر از طالع ناساز کنم

اہل زندان بہ سر و چشم خودم جا دادند
تا بدین صدر نشینی چہ قدر ناز کنم

بلہ و دزدان گرفتار، وفا نیست بہ شہر
خویشتن را بہ شما ہمدم و ہمراز کنم

من گرفتارم و این دایرہ دوزخ تن زن
در سخن پیروی شیوۂ ایجاز[۱] کنم

گرچہ توقیع گرفتاری بیدادم نیست
لیکن از دہر دگر خوشدلی امیدم نیست

[۱] ایجاز ۔ فصاحت و بلاغت کا کمال دکھاؤں

بندِ اوّل

قید میں قید کی رُوداد کا آغاز کروں
پردہ دارِ ہے غمِ دل، آہ و فغاں ساز کروں

ہے نوا ایسی کہ مضراب سے ٹپکے خوناب
جس سے میں اپنے تئیں زمزمہ پرداز کروں

دہر برباد ہوا میکدہ کردوں اس کو
قید میں شاعری کا دعوئ اعجاز کروں

بے مشقت ہے کہاں قید، یہ چکی دیکھو
شاعری اور رسن تابئ آواز کروں

جب پڑھوں شعر تو مجرم سے بھی چاہوں انصاف
جب غزل لکھوں تو اندیشۂ غماز کروں

خود ہی دم ہیبتِ صیاد سے خود پر پھونکوں
اور جگر چیروں میں حسرت سے کہ پرواز کروں

یارِ دیرینہ قدم رنجہ نہ فرما کر یہاں
یوں نہیں کر تری دستک میں در باز کروں

ہائے ناسازئ طالع کہ وہ پھر لوٹ آئے
گر خود سے گلۂ طالعِ ناساز کروں

اہلِ زنداں نے بٹھایا مجھے سر آنکھوں پر
بارے اس صدر نشینی پہ میں کیا ناز کروں

اٹھو زنداں گرفتار، وفا اٹھ بھی گیا
شہر سے آ کے تمہیں ہمدم و ہمراز کروں

میں گرفتار ہوں، یہ دائرہ در نسخ، تاہم
شعر میں پیروئ شیوۂ ایجاز[1] کروں

گو مجھے حکمِ گرفتارئ جاوید نہیں
دہر میں پھر بھی خوشی کی مجھے امید نہیں

[1] اختصار، بلاغت کا کمال

بند دوم

شمع هر چند به هر زاویه آسان سوزد
خوشتر آنست که بر قطع در ایوان سوزد

عودِ من هرزه مسوزید، دگر سوختنی ست
بگذارید که در مجمرِ سلطان سوزد

خانه ام ز آتشِ بیدادِ عدو سوخت دریغ
سوختن داشت ز شمعے که شبستان سوزد

منم آن خسته که گر زخمِ جگر بنمایم
بر من از مهر دلِ گبر و مسلمان سوزد

منم آن سوخته خرمن که ز افسانۂ من
نفسِ راهرو و رهزن و دهقان سوزد

منم آن قیس که گر سوی من آید لیلیٰ
محمل از شعلۂ آوازِ حدی خوان سوزد

تا چسانم گذرد روز، به شبها دریاب
از چراغے که عسس بر درِ زندان سوزد

تنم از بند در انبوهِ رقیبان لرزد
دلم از درد بر اندوهِ اسیران سوزد

از نمِ دیدۂ من خستۂ طوفان خیزد
از تفِ نالۂ من جوهرِ کیوان سوزد

آه ازین خانه که روشن نشود در شبِ تار
جز بدان خواب که در چشمِ نگهبان سوزد

آه ازین خانه که در وے نتوان یافت هوا
جز ہمونے که خس و خارِ بیابان سوزد

اے که در زاویه شبها نه چراغم شمری
دلم از سینه بر دل آر که داغم شمری

بندِ دوم

شمع ہر رنگ میں ہر گوشۂ امکاں میں جلے
پر ہے خوشتر یہ اگر نطع[1] پر ایواں میں جلے

استخواں میرا نہ بیکار جلاؤ ؛ چھوڑو
ہے اگر سوختنی ؛ مجمرِ سلطاں میں جلے

جل گیا آتشِ بے دُودِ عدو میں گھر ہائے
تھا یہ اس شمع کے لائق جو شبستاں میں جلے

میں ہوں وہ خستہ اگر زخمِ جگر دکھلاؤں
آتشِ درد دلِ گبر و مسلماں میں جلے

میں ہوں وہ سوختہ خرمن کہ مرے حال سے آگ
نفسِ راہرو و رہزن و دہقاں میں جلے

میں ہوں وہ قیس اگر لیلیٰ کرے رخ میرا
محمل، اُف، شعلۂ آوازِ حدی خواں میں جلے

دن مرا کیسے گزرتا ہے یہ شب کو آ دیکھ
اس دیئے سے جو کسی کے درِ زنداں میں جلے

تن مرا قید میں لرزاں ہے رقیبوں[2] میں مگر
دل مرا دردِ اندوہِ اسیراں میں جلے

یاں نمِ دیدہ سے اک فتنۂ طوفاں اٹھے
واں زحل میرے تفِ نالہ سے کیواں میں جلے

کوئی شے رات کو روشن نہیں ہوتی اس گھر
ماسوا خواب کے جو چشمِ نگہباں میں جلے

آتی اس گھر میں ہوا بھی نہیں جز بادِ سموم
ہاں وہی جس سے خس و خارِ بیاباں میں جلے

گھٹتا ہے راتیں مری دیکھ کے تو شب کو چراغ
چیر کر سینہ مرا دیکھ میرے دل کے بھی داغ

---

[1] چرمی فرش [2] ہم پیشہ مجرم

بندِ سوم

پاسبانان ہمہ آئید کہ من می آیم
درِ زندان بکشائید کہ من می آیم

ہر کہ دیدے، بہ درِ خویش سپاسم گفتے
خیر مقدم بسرائید کہ من می آیم

جادہ نشناسم و ز انبوہِ شما می ترسم
راہم از دُور نمائید کہ من می آیم

رہروِ جادۂ تسلیم درشتی نکند
سخت گیرندہ چرائید کہ من می آیم

خستہ تن در رہ و تعذیب فرورست اینجا
نمک آرید و بسائید کہ من می آیم

عارضِ خاک بہ پاشیدنِ خون تازہ کنید
رونقِ خانہ فزائید کہ من می آیم

چون من آیم بہ شما، شکوۂ گردون نہ رواست
زین سپس ژاژ[لہ] مخائید کہ من می آیم

ہاں، عزیزان کہ درین کلبہ اقامت دارید
بختِ خود را بستائید کہ من می آیم

تا بہ دروازۂ زندان پئِ آوردنِ من
قدمے رنجہ نمائید کہ من می آیم

چون سخن سنجی و فرزانگی آئینِ من است
بہرہ از من بربائید کہ من می آیم

بہ خود از شوق ببالید کہ خود بازروید
بہ من از مہر گرائید کہ من می آیم

بسکہ خویشاں شدہ بیگانہ ز بدنامئ من
غیر نشگفت خورد گر غمِ ناکامئ من

لہ بیہودہ گوئی، واہیات بات — ژاژ اس خار دار گھاس کو کہتے ہیں جو اونٹ کھاتا ہے

بندسوم

پاسبانو! ادھر آجاؤ کہ میں آتا ہوں — درِ زنداں کو بھی کھول آؤ کہ میں آتا ہوں

مجھ کو دروازے پہ دیکھو تو کرو میرا سپاس — خیرِ مقدم کی دھنیں گاؤ کہ میں آتا ہوں

واقفِ رہ نہیں، جگمٹ سے بھی گھبراتا ہوں — دُور سے راستہ دکھلاؤ کہ میں آتا ہوں

رہروِ جادۂ تسلیم تشدد نہ کرے — سخت گیری پہ نہ اُتر آؤ کہ میں آتا ہوں

زخم ہیں تن پہ سفر سے، یہاں لازم ہے سزا — تم نمک پاشی کو آجاؤ کہ میں آتا ہوں

عارضِ خاک کو خوں پاشی سے تازہ کر دو — رونق افزائی کو آجاؤ کہ میں آتا ہوں

تم میں شامل ہوا میں شکوۂ فلک کا چھوڑو — اس تشکر میں نہ گھبراؤ کہ میں آتا ہوں

اے عزیزو کہ اقامت ہے تمہاری اس گھر — اپنے بختوں پہ تم اتراؤ کہ میں آتا ہوں

مجھ کو لینے کے لئے تا درِ زنداں سب لوگ — کچھ قدم رنجہ بھی فرماؤ کہ میں آتا ہوں

ہے سخن سنجی و فرزانگی شیوہ میرا — بہرہ ور ہونے کو آجاؤ کہ میں آتا ہوں

اب نہ پھولے میں سماؤ کہ خوشی سے ناچو — جھوم کر مجھ سے لپٹ جاؤ کہ میں آتا ہوں

اپنے بیگانے سبھی سنتے ہی بدنامی مری

غیر بھی سہم گئے دیکھ کے ناکامی مری

بند چهارم

آنچه فرداست هم امروز در آمد گوئی | آفتاب از جهتِ قبله در آمد گوئی

دل و دستے که مرا بود فرو ماند ز کار | شب و روزے که مرا بود سر آمد گوئی

سرگذشتم همه رنج و الم آرد گفتی | سرنوشتم همه خوف و خطر آمد گوئی

بهرهٔ اهلِ جهان چون ز جهان درد و غم است | بهرهٔ من ز جهان بیشتر آمد گوئی

خستن و بستنِ من حدِ کسے نیست برد | بر من اینها ز قضا و قدر آمد گوئی

هنرم را نتوان کرد به خستن ضائع | خستگی غازهٔ روئے هنر آمد گوئی

غمِ دل داشتم اینک غمِ جانم دادند | زخم را زخمِ دگر بر اثر آمد گوئی

چرخ یک مردِ گران مایه به زندان خواهد | یوسف از قیدِ زلیخا بدر آمد گوئی

مژه امشب ز کجا این همه خوناب آورد | این چنین گرم نه زخمِ جگر آمد گوئی

خود چرا خون خورم از غم که بغمخواریِ من | رحمتِ حق به لباسِ بشر آمد گوئی

خواجهٔ هست درین شهر که از پرسشِ وی | پایهٔ خویشتنم در نظر آمد گوئی

مصطفیٰ خان که درین واقعه غمخوارِ من است

گر بمیرم چه غم از مرگ، عزادارِ من است

بندِ چہارم

آ گیا آج جو کل آنا تھا فردا گویا — جانبِ غرب سے سورج نکل آیا گویا

دست و دل میرے توانا ہوئے یکسر عاجز — جیتے جی اٹھ گیا ہے میرا جنازا گویا

رنج و غم سے ہے مری عمرِ گذشتہ بھرپور — سر بسر خوف و خطر ہی تھا نوشتا گویا

بہرۂ اہلِ جہاں ہے جو جہاں سے غم ہی — بڑھ گیا حصہ جہاں بھر سے ہے میرا گویا

خستہ دلِ بستہ مجھے رکھتا ہے عسس کا دم کیا — مجھ پہ یہ حکم قضا و قدر آیا گویا

خستگی سے مری کب میرا ہنر ہو ضائع — خستگیِ روئے ہنر پر ہوئی غازا گویا

غمِ دل پہلے تھا، لو اب غمِ جاں بھی آیا — زخم پر زخم دگر آیا کھنڈر پا گویا

قید میں مانگے فلک مرد گرانمایہ ایک — قید خانے سے ہے یوسف نکل آیا گویا

آنکھ نے لوٹا تھا خونناب کہاں سے سا تنا — گرم خوں زخمِ جگر سے ہی یہ نکلا گویا

غم کا کیا غم مجھے غمخواری کو میری جب ہے — کرمِ حق بہ لباسِ بشر آیا گویا

شہر میں آتا ہے اک جس کی کہ پرستش سے ہوا — مرتبہ میرا جو پنہاں تھا، ہویدا گویا

مصطفٰی خان کہ اس غم میں ہے غمخوار مرا

مر بھی جاؤں تو نہیں غم، ہے عزادار مرا

بند پنجم

خواجه دانم که بسے روز نمانم در بند
لیک دانی که شب از روز ندانم در بند

نپسندم که کس آید نتوانم که روم
جانب در به چه حسرت نگرانم در بند

خسته ام خسته من و دعویِ تمکین حاشا
بند سخت است، تپیدن نتوانم در بند

شادم از بند که از بندِ معاش آزادم
از کفِ شحنه رسد جامه و نانم در بند

نامه و خامه بیارید و سجل بنویسید
خواب از بخت همی وام ستانم در بند

یارب این گوهرِ معنی که فشانم ز کجاست
بند بر دل بود و نیست زبانم در بند

هر کس از بندِ گران نالد و ناکس که منم
نالم از خویش که بر خویش گرانم در بند

خویِ خوش بهرِ مصیبت زده رنجے دگر است
رنجه از دیدنِ رنجِ دگرانم در بند

رفته در بارهٔ من حکم که با درد و دریغ
شش مه از عمرِ گرامی گذرانم در بند

اگر این است، خود آنست که عیدِ اضحیٰ
گذرد نیز چو عیدِ رمضانم در بند

مدتِ قید اگر در نظرم نیست چرا
خونِ دل از مژه بے صرفه چکانم در بند

نیستم طفل که در بندِ رهائی باشم
هم ز ذوق است که در سلسله خائی باشم

بندِ پنجم

گرچہ خواجہ، چند دن کا میں ہوں مہماں قید میں — پر نہیں ہے روز و شب کا ہوش چنداں قید میں

جا سکوں خود، غیر ممکن، کوئی آئے ناپسند — کس قدر حسرت سے سوئے در ہوں نگراں قید میں

مر چلا اُف صبر کا دامن چھٹا اور اب نہیں — سخت بندش میں تڑپنے کا بھی امکاں قید میں

قید میں خوش ہوں کہ ہوں قیدِ معیشت سے بری — دستیاب و صرف ہے جامہ و ناں قید میں

لاؤ خامہ اور دوات اور لکھ دو خود مکتوب بھی — خواب کا میں بختِ خفتہ سے ہوں خواہاں قید میں

گوہرِ معنی کی بارش مجھ سے یارب کس طرح؟ — ہے زباں آزاد گو، دل پابجولاں قید میں

ہر کوئی بندِ گراں میں ہے پڑے پر میں بدنصیب — آپ اپنے پر گراں ہوں جب گل گریاں قید میں

ہے مصیبت میں یہ جی سے خوش مصیبت ور ابھی — رنجدل ہوں دیکھ کر میں رنجِ دگراں قید میں

میرے حق میں حکم وا سد ہے کہ بادر ود رنج — ماہ شمشِ عمرِ گرامی کے ہوں گزراں قید میں

گر یہی ہے حال، مستقبل میں بھی عیدِ صیام — مجھ پہ گزرے گی مثالِ عیدِ رمضاں قید میں

گر نہیں ہے میرے دل پہ قید کی وحشت گراں — خونِ دل سے کیوں ہے دیدۂ تر دُر افشاں قید میں

میں نہیں بچہ کہ عذر اپنی رہائی پہ کروں

تڑپتا ہوں میں اگر بہ زنجیر: ہے ذوقِ جنوں

بند ششم

من نہ آنم کہ ازین سلسلہ ننگم نبود — چہ کنم چون بہ قضا زہرۂ جنگم نبود

زین دو رنگ آمدہ صد رنگ خرابی بظہور — گلہ نیست کہ از بخت دو رنگم نبود

رازدانا غم رسوائی جاوید بلاست — بہر آزار غم از قید فرنگم نبود

لرزم از خوف دریں حجرہ کہ از خشت و گل است — ورنہ در دل خطر از کام نہنگم نبود

زین دو سرہنگ کہ پویندہ ہم، می ترسم — بیمے از شیر و ہراسے ز پلنگم نبود

منم آئینہ و ایں حادثہ زنگ است و لے — تاب بدنامی آلایش زنگم نبود

آہ ازان دم کہ سر ایند ز زندان آمد — اندرین دائرہ گیرم کہ درنگم نبود

ہمدمان، دارم امید رہائی در بند — دامن از بعد رہائی تہ سنگم نبود

جور اعدا رود از دل بہ رہائی لیکن — طعن احباب کم از زخم خدنگم نبود

بہ تکلف قلم از سینہ برون می ریزد — بس کہ گنجائی غم در دل تنگم نبود

حاش للہ کہ درین سلسلہ باشم خوشنود — چہ کنم چون سر این رشتہ بہ چنگم نبود

بہ صریر قلم خویشتن بود مستی من

اندرین بند گران بین دستگہ ستی من

بندِ ہشتم

یوں نہیں کہ نہیں اس سلسلے میں مجھ کو ننگ — پر کروں کیا جو قضا سے بھی نہیں ہرزہ جنگ

بختِ وارونگ سے صد رنگِ خرابی نکلے — کتنے ہیں مجھ کو گلے بخت سے ہے بختِ دو رنگ

صد بلا اک غمِ رسوائی جاوید ہے، دوست — ورنہ کیا غم جو ہو آزردگیٔ قیدِ فرنگ

اینٹ اور مٹی کے حجرے میں ہوں ڈر سے لرزاں — ورنہ دل میں نہیں دہشتِ خونخوار نہنگ

حملہ آور ہیں یہ وہ میں ہوں ہراساں جن سے — دہشتِ شیر نہیں مجھ کو نہ ہے خوفِ پلنگ

میں ہوں آئینہ مگر حادثہ مجھ کو ہے زنگ — جھیل لوں کیسے یہ بدنمائی آلائشِ زنگ

ہائے جب لوگ پکاریں گے "وہ آیا قیدی" — ہائے اس قید کی مدت میں نہیں دیر و درنگ

قید میں رکھے گی امیدِ رہائی مجھ کو — گر رہا بعدِ رہائی بھی یہ دامن تہِ سنگ

جورِ اعدا نہ رہے یاد رہائی پہ بیک — طعنۂ احباب کا دل دوز ہے جوں زخمِ خدنگ

نکلے سینے سے یہ از راہِ شگافِ خامہ — غم سما سکتا نہیں دل میں کہ دل ہے بس تنگ

حاشا للہ کہ اس باب میں ہوں میں خوشنود — پر کروں کیا کہ سر رشتہ نہیں ہے در چنگ[۵]

نغمۂ جنبشِ خامہ سے ہے یہ مستی مری

اُف مرا بندِ گراں، دیکھ سبکدستی مری

[۵] ہاتھ میں اپنے قبضے اور قابو میں نہیں

بند ہفتم

ہمدمان درد دلم از دیدہ نہانید ہمہ — غالب غمزدہ را روح و روانید ہمہ

للہ الحمد کہ در عیش و نشاطید ہمہ — للہ الشکر کہ با شوکت و شانید ہمہ

ہم در آئینِ نظر سحر طرازید ہمہ — ہم در اقلیمِ سخن شاہ نشانید ہمہ

چشمِ بد دور کہ فرخندہ لقائید ہمہ — شاد باشید کہ فرخ گہرانید ہمہ

سرو بینید و فا دیدہ و نوریدہ ہمہ — زندہ مانید، صفا قالب و جانید ہمہ

من بہ خون خفتہ و بینم، ہمہ بینید ہمہ — من جگر خستہ و دانم، ہمہ دانید ہمہ

درمیان ضابطۂ مہر و وفائے بودست — من برینم کہ ہر آئینہ بر آنید ہمہ

رونقے از مہر گنجینہ خلافِ چون است — بارے از لطف بگوئید، چسانید ہمہ

گر نباشم بہ جہان، غارِ دشتے کم گیرید — اے کہ سرو و سمنِ باغِ جہانید ہمہ

چارہ گر نتوان کرد، دعائے کافی ست — دل اگر نیست خداوندِ زبانید ہمہ

ہفت بند است کہ در بند ہم ساختہ ام — بنویسید و ببینید و بخوانید ہمہ

آن نباشم کہ بہ ہنر بزم ز من یاد آرید

دارم امید کہ در بزمِ سخن یاد آرید

بندِ ہفتم

ہمدمو! دل میں ہو آنکھوں سے نہاں گو تم سب
غالبِ غم زدہ کے روح و رواں ہو تم سب

للہ الحمد کہ ہو عیش و مسرت میں تم
للہ الشکر کہ با عزت و شاں ہو تم سب

پیشِ آئینِ نظر تم ہو سبھی سحر طراز
بہرِ اقلیمِ سخن شاہ نشاں ہو تم سب

چشمِ بد دور کہ فرخندہ لقا ہو تم لوگ
شاد باشید کہ فرخ گہراں ہو تم سب!

تم ہو سب نور، سدا سود و فا ہو قسمت
زندہ باشید، صفا قالبِ جاں ہو تم سب

خواں میں خفتہ میں دیکھوں یہیں ہو تم سب
میں جگر خستہ یہ جانوں ہمہ داں ہو تم سب

درمیاں تھا کبھی اک مہر و وفا کا رشتہ
میں ہوں اس پر کہ اسی کے نگراں ہو تم سب

مہرباں ہو کے نہ پوچھا کبھی "کیسا ہے فلاں"
لطف سے کہہ دو کہ کیسے ہو کہاں ہو تم سب

خار و خس کم ہو تُکے کہہ دینا جو میں مر جاؤں
اے کہ سرو و چمنِ باغِ جہاں ہو تم سب

ہو سکے گر نہ دوا تو ہے دعا ہی کافی
دل نہیں رکھتے خداوندِ زباں ہو تم سب

قید میں میں نے رقم سات کئے بند، ان کو
دیکھ لو۔ لکھ لو۔ پڑھو۔ پڑھتے رواں ہو تم سب

میں نہیں کہتا کہ ہر بزم میں ہو یاد مری
لیک جب بزمِ سخن ہو تو کرو یاد مری

مثنویات

سومین مثنوی موسوم بہ چراغ دیر

شبے پرسیدم از روشن بیانے — زگردشہائے گردوں رازدانے
کہ بینی نیکوئیہا از جہاں رفت — وفا و مہر و آزرم از میاں رفت
زایمانہا بجز نامی نماندہ — بغیر از دانہ و دامے نماندہ
پدرہا تشنۂ خون پسرہا — پسرہا دشمن جان پدرہا
برادر با برادر در ستیز ست — وفاق از شش جہت رو در گریز ست
بدیں بے پردگیہائے علامت — چرا پیدا نمی گردد قیامت
بتنگ صور تعویق از پے چیست — قیامت را عناں گیر جنوں کیست
سوئے کاشی باندازاشارت — تبسم کرد و گفتا ایں عمارت
کہ حقا نیست صانع را گوارا — کہ از ہم ریزد ایں رنگیں بنارا
بلند افتادہ تمکین بنارس — بود بر اوج او اندیشہ نارس
تعالی اللہ بنارس چشم بد دور — بہشت خرم و فردوس معمور
عبادت خانۂ ناقوسیانست — ہمانا کعبۂ ہندوستانست
سوادش پایۂ تخت بت پرستاں — سراپایش زیارتگاہ مستاں
خس و خارش گلستانست گوئی — غبارش جوہر جانست گوئی
بتانش را ہیولی شعلۂ طور — سراپا نور ایزد چشم بد دور
جانہائے بے تن کن تماشا — ندارد آب و خاک ایں جلوہ حاشا
نہاد شاں چوں بوئے گل گراں نیست — ہمہ جانند جسمے در میاں نیست
میانہا نازک و دلہا توانا — ز نادانی بکار خویش دانا!

بنارس کی تعریف میں

کاشی سے کاشاں تک

یہ اک شب میں نے اک دانا سے پوچھا — زمانہ بھر کا جو اسرار داں تھا
کہ دنیا سے ہوئی رخصت نکوئی — نہیں مہر و وفا دنیا میں کوئی
بُت ایماں کا فقط اک نام باقی — نہیں جز دانہ و جز دام باقی
پدر خون پسر کا اب ہے پیاسا — پسر بھی ہو گیا دشمن پدر کا
گلا بھائی کا کاٹے خود ہی بھائی — مسلط دہر پر ہے بے وفائی
ہے یاں بے پردگی کی ہر علامت — نہیں پھر کس لئے آئی قیامت
پئے نفخ صور میں تعویق کیوں ہے — عنانِ گیرِ قیامت کیا جنوں ہے
سوئے کاشی ہوئی اس کی اشارت — تبسم سے کہا، اُف یہ عمارت!
نہیں ہے حق کو یہ ہرگز گوارا — کہ ایسا جلوہ ہو برباد! حاشا
بلند اتنی ہے یہ تمکینِ بنارس — ہے اس کے اوج تک اندیشہ نارس
تعالی اللہ! بنارس! چشم بد دور — بہشت خرم و فردوس معمور
عبادت خانۂ ناقوسیاں ہے — یہ بے شک کعبۂ ہندوستاں ہے
بنارس یعنی تختِ بت پرستاں — سراپا ہے زیارت گاہِ مستاں
خس و خار اس کے ہیں گویا گلستاں — ہے گرد و خاک گویا جوہرِ جاں
بُتوں کا ہے ہیولیٰ شعلۂ طور — سراسر نورِ ایزد! چشم بد دور
یہاں جاں ہائے بے تن کر تماشا — نہیں یہ آب و گل کا جلوہ حاشا
وجود ان کا ہے بوئے گل سے ہلکا — یہ سر تا پا ہیں "جاں بن جسم" حقا
کہ نازک ہیں مگر دل ہیں توانا — یہ ناداں اپنے مطلب کے ہیں دانا

بر تن سرمایهٔ افزایش دل — سراپا مژدهٔ آسایش دل
